Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 — جمعہ 23 ستمبر 2022ء، 26 صفر 1444ھ، 9 اسوج 2079 بم، قیمت 20 روپے — شمارہ 143

وزیراعلیٰ آفس سے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر ہونیوالی پیشرفت کی نگرانی کی جائیگی، وزیراعلیٰ پنجاب

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے جامع ایکشن پلان بنایا ہے، پرویز الٰہی

سیکرٹریز کی کارکردگی کو ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے لنک کیا ہے، منصوبوں کو مقررکردہ مدت میں مکمل کرنے کے لئے مانیٹرنگ کا موثر نظام وضع کیا ہے

ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور معیار یقینی بنانے کے لئے ہر سطح پر مانیٹرنگ کی جائے گی، ٹوبہ ٹیک سنگھ سمیت صوبہ بھر کے کاشتکاروں کے آبپاشی سے متعلق مسائل حل کئے جائیں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے ایم پی اے سعید احمد سیدی، سابق ایم این اے چودھری اشفاق اور چیف ایگزیکٹو آفیسر چن ون کاشف اشفاق نے ملاقات کی، ترقیاتی منصوبوں اور عمومی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایوان وزیراعلیٰ میں ہونے والی ملاقات میں وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کا کہنا تھا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے جامع ایکشن پلان بنایا ہے، سیکرٹریز کی کارکردگی کو ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے لنک کیا ہے، منصوبوں کو مقررکردہ مدت میں مکمل کرنے کے لئے مانیٹرنگ کا موثر نظام وضع کیا ہے۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ وزیراعلیٰ آفس سے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر ہونے والی پیشرفت کی نگرانی کی جائے گی، ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر پیش رفت کا خود باقاعدگی سے جائزہ لوں گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اور معیار یقینی بنانے کے لئے ہر سطح پر مانیٹرنگ کی جائے گی، ٹوبہ ٹیک سنگھ سمیت صوبہ بھر کے (بقیہ نمبر 4)

ہمیں بھیک نہیں عالمی برادری سے انصاف چاہیے، وزیر خارجہ

پاکستان کو اس وقت 30 ارب ڈالر امداد کی ضرورت ہے، بلاول بھٹو زرداری

کراچی (بیورو چیف) وزیرخارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہمیں بھیک نہیں عالمی برادری سے انصاف چاہیے، سیلاب عالمی تباہی ہے اور اس کا ادراک بھی عالمی سطح پر ہونا چاہیے، اس وقت ہم ریلیف اور ریسکیو مرحلے میں (بقیہ نمبر 1)

پنجاب میں تبدیلی کے حوالے سے حکمت عملی مکمل کر لی ہے

تحریک انصاف پاکستان دشمنوں کے ایجنڈے کو لیکر چل رہی ہے، رانا مشہود

اسلام آباد (حاجی ندیم) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما رانا مشہود نے دعویٰ کیا ہے کہ پنجاب میں تبدیلی کے حوالے سے حکمت عملی مکمل کرلی ہے، جلد اپنی حکومت بنالیں گے۔ لاہور میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے مسلم (بقیہ نمبر 2)

چیف جسٹس کا پی ٹی آئی کو اسمبلی واپسی کا مشورہ

پی ٹی آئی کو اسمبلی واپس جاکر کردار ادا کرنا چاہیے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (حمزہ لطیف) قومی اسمبلی کے استعفے ایک ساتھ منظور کرنے کی درخواست پر چیف جسٹس نے ایک بار پھر پی ٹی آئی کو اسمبلی واپس جاکر کردار ادا کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ قومی اسمبلی سے تمام استعفے ایک ساتھ (بقیہ نمبر 3)

نیویارک، وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے صدر EU ملاقات کرتے ہوئے

فارن فنڈنگ کی تحقیقات مکمل ہونے کے بعد کوئی بھی فیصلہ کیا جائے گا، وفاقی وزیر قانون

حکومت کا عمران خان کیخلاف فوجداری مقدمہ واپس نہ لینے کا اعلان

عمران خان اسمبلی آئیں اور حکومت تبدیل کر دیں انہیں کون روک رہا ہے، سال 2014 میں بھی کے پی حکومت نے دھرنے کو سپورٹ کیا تھا، جمہوری حکومتوں کی خواہش ہوتی ہے کہ اس حد تک نہ جایا جائے

عمران خان ہمیشہ یوٹرن لیتے ہیں ایک اور یوٹرن مبارک ہو ایف آئی اے فارن فنڈنگ کی تحقیقات کر رہی ہے، توہین عدالت کا معاملہ عمران خان اور ہائیکورٹ کا ہے

عدالت سے صرف یہ کہنا ہے ماضی میں جو فیصلے آئے ان پر لوگوں کو تحفظات ہیں، توہین عدالت قانون کے خوف سے عزت کرائی جائے گی تو یہ دیرپا نہیں ہوگی، قمر الزمان کائرہ

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ عمران خان کے خلاف فوجداری مقدمہ واپس نہیں لیا جائے گا، فارن فنڈنگ کی تحقیقات مکمل ہونے کے بعد کوئی بھی فیصلہ کیا جائے گا۔ اسلام آباد میں مشترکہ پریس کانفرنس میں اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ عمران خان ہمیشہ یوٹرن لیتے ہیں ایک اور یوٹرن مبارک ہو ایف آئی اے فارن فنڈنگ کی تحقیقات کر رہی ہے، تحقیقات مکمل ہونے پر فیصلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ توہین عدالت کا معاملہ عمران خان اور ہائیکورٹ کا ہے۔ وزیر قانون نے کہا کہ کابینہ چھوٹی ہونی چاہیے، تعداد کے بجائے کوالٹی پر فوکس ہونا چاہیے، کچھ معاونین خصوصی کا عہدہ وزیر کے برابر بھی ہے، کابینہ کیلئے قانون میں وزرا (بقیہ نمبر 11)

وزیراعظم آج اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کرینگے

شہباز شریف عالمی رہنماؤں کو مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے موقف سے آگاہ کریں گے

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف (آج) جمعہ کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 77 ویں اجلاس سے خطاب کرینگے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزیراعظم ماحولیاتی تبدیلی کے باعث آنے والے حالیہ تباہ کن سیلابوں کے تناظر میں پاکستان کو درپیش چیلنج کو عالمی فورم پر اجاگر کرکے ماحولیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے خطرے سے اجتماعی طور پر (بقیہ نمبر 16)

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سینیٹ کا اجلاس 26 ستمبر کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سینیٹ کا اجلاس 26 ستمبر کو طلب کرلیا، سینیٹ اجلاس پیر شام 4 بجے پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد میں منعقد ہوگا، اجلاس آئین کے (بقیہ نمبر 17)

بارشوں اور سیلاب، تجارتی خسارہ 3 ارب ڈالر بڑھنے کا امکان

سیلاب کے باعث سبزیوں، فروٹ، تمباکو، سیمنٹ اور چمڑے کی مصنوعات کی پیداوار شدید متاثر ہوئی ہے جس سے برآمدات میں کمی ہوگی

رواں مالی سال گندم، دالیں، چینی، کنسٹرکشن مشینری اور ادویات کی درآمدات میں اضافے کا امکان ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) بارشوں اور سیلاب کے باعث سبزیوں، فروٹ، تمباکو، سیمنٹ اور چمڑے کی مصنوعات کی پیداوار شدید متاثر ہوئی ہے جس سے برآمدات میں کمی ہوگی۔ وزارت خزانہ کے مطابق سیلاب سے اہم شعبوں کی پیداوار میں نمایاں کمی سے ملکی برآمدات بری طرح متاثر ہونے کا خدشہ ہے، برآمدات میں کمی اور درآمدات میں اضافے کے باعث تجارتی خسارہ 3 ارب ڈالر بڑھنے کا امکان ہے۔

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی محمد سبطین خان یورپی یونین کے پروگرام مستحکم پارلیمان کے ٹیم لیڈر کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سیلاب متاثرین کیلئے ناکافی فنڈنگ، اقوام متحدہ کا دوبارہ امداد کی اپیل کا فیصلہ

16 کروڑ ڈالر فنڈنگ کی ابتدائی اپیل سیلاب کی تباہ کاریوں کے حجم کو دیکھتے ہوئے ناکافی محسوس ہوتی ہے

پانی کی وجہ سے جلد اور آنکھوں میں انفیکشن، ڈائریا، ملیریا، ٹائیفائیڈ اور ڈینگی بخار کے بڑے پیمانے پر کیسز سامنے آئے ہیں

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) سیلاب کی تباہ کاریوں سے نمٹنے کے لیے درکار مزید فنڈز کے لیے پاکستان اور اقوام متحدہ آئندہ ماہ کے اوائل میں دوبارہ ہنگامی اپیل کریں گے۔ اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ اور انسانی ہمدردی کے کوآرڈینیٹر جولین ہارنیس نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ 16 کروڑ ڈالر فنڈنگ کی ابتدائی اپیل سیلاب کی تباہ کاریوں کے حجم کو دیکھتے ہوئے ناکافی محسوس ہوتی ہے

حکومت کو گرانا ہے، مہنگائی خود بخود گر جائیگی، فیصل جاوید خان

عمران خان چند ہفتوں میں دوبارہ وزیراعظم بن جائیں گے، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فیصل جاوید خان نے کہا ہے کہ اس حکومت کو گرانا ہے، مہنگائی خود بخود گر جائیگی: عمران خان چند (بقیہ نمبر 18)

فضل الرحمن سیاست اسلام کیلئے نہیں اقتدار کیلئے کر رہے ہیں

شہباز شریف کی فرانس کے صدر سے ملاقات پر فضل الرحمن خاموش ہیں، اسد قیصر

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن سیاست اسلام کیلئے نہیں اقتدار کے لیے کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن کا (بقیہ نمبر 19)

جاپان نے پاکستان کے 160 ملین ڈالرز کے قرضہ جات کی واپسی موخر کردی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستان اور جاپان کے درمیان 160 ملین ڈالرز قرضے کی واپسی موخر کرنے کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ یہ سہولت جی 20 کی جانب سے قرضوں کی واپسی معطل کرنے کے اقدام کے آخری مرحلے کے تحت دی جا رہی ہے۔ اس سے قبل دونوں حکومتوں کے درمیان 27 اپریل 2021 کو 370 ملین ڈالرز کے قرضے کی واپسی کا موخر کرنے کا معاہدہ ہوا تھا۔

اڈیالہ جیل میں کرپشن اور قیدیوں پر ٹارچر کا انکشاف

پمز کے ڈاکٹر نے قیدی کا طبی معائنہ کیا، میڈیکل رپورٹ قیدی کے والدین کی شکایت کے ٹارچر کے الزام کو سپورٹ کرتی ہے، عدالت

قیدی کے نشان ٹارچر کی وجہ سے بھی ہوسکتے ہیں، بادی النظر میں میڈیکل رپورٹ انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ظاہر کرتی ہے، میڈیکل آفیسر

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) اڈیالہ جیل میں حراست کے دوران قیدیوں پر ٹارچر اور کرپشن کا انکشاف ہوا ہے، انسانی حقوق کمیشن نے رپورٹ اسلام آباد ہائی کورٹ میں جمع کرادی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے اڈیالہ جیل میں قیدی پر ٹارچر کے خلاف کیس کی سماعت کی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال اور جیل حکام عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ وزارت انسانی حقوق کی جانب سے طبی معائنے کی رپورٹ عدالت کے سامنے پیش کی گئی۔ اڈیالہ جیل کے قیدی پر جیل حکام کے ٹارچر کی بادی النظر میں تصدیق ہوگئی۔

ارکان پارلیمنٹ کو ٹول ٹیکس کا استثنیٰ دینا غیر مناسب فیصلہ ہے، سینیٹر عرفان صدیقی

نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے فیصلے کے خلاف ایوان میں آواز اٹھاؤں گا، لیگی رہنما کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ن کے رہنما سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ ارکان پارلیمنٹ کو موٹرویز اور ہائی ویز پر ٹول ٹیکس کی ادائیگی سے استثنیٰ دینا غیر مناسب فیصلہ ہے۔

سابق وزیراعظم عمران خان اسلام آباد ہائی کورٹ پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

نیب کا 50 کروڑ مالیت سے کم کے مقدمات کی تحقیقات نہ کرنے کا اعلان

نیب ایسے کیسز سے بھی دور رہے گا جن میں 100 سے کم لوگ متاثر ہوئے یا انہیں نشانہ بنایا گیا

3 اگست کو قومی اسمبلی نے ایک قانون پاس کیا جس میں نیب کے اختیارات کو مزید کم کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) قومی احتساب بیورو (نیب) کی جانب سے قانون میں نئی ترامیم کو صحیح معنوں میں نافذ کرنے کا فیصلہ کرنے کے بعد بیورو نے اعلان کیا کہ وہ 50 کروڑ روپے مالیت سے کم کے بدعنوانی کے مقدمات کی تحقیقات نہیں کرے گا۔ رپورٹ کے مطابق نیب کے چیئرمین آفتاب سلطان کی سربراہی میں ہونے والے اجلاس کے بعد جاری ہونے والے ایک بیان میں احتساب (بقیہ نمبر 20)

لاہور، صوبائی وزیر سکول ایجوکیشن مراد راس سیالکوٹ میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ڈاکٹر نے مشروط طور پر پاکستان سفر کرنے کی اجازت دیدی، اسحاق ڈار

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ان کے ڈاکٹر نے مشروط طور پر انہیں برطانیہ سے پاکستان سفر کرنے کی اجازت دیدی ہے، وہ پاکستان واپس آنے کے خواہاں ہیں اور معزز عدالت میں عدالتی سماعت کا حصہ بننے کیلئے تیار ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ انہوں نے اپنی درخواست (بقیہ نمبر 5)

حکومت و آئی ایم ایف کے مابین مسائل پیدا کرنیکا کیس

شوکت ترین ایف آئی اے میں پیش، فون کال کے حوالے سے سوالات

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیرخزانہ شوکت ترین کی تیور جھگڑا سے ٹیلی فونک گفتگو لیک ہونے پر ایف آئی اے سائبر کرائم نے باضابطہ انکوائری کا آغاز کر دیا، سابق وزیرخزانہ شوکت ترین ایف آئی اے میں پیش ہوئے، فون کال کے حوالے سے سوالات کیے گئے

وزیراعظم سے یورپی یونین کی صدر مس ارسلا وین ڈرلی این کی ملاقات

نیویارک (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے یورپی یونین کی صدر مس ارسلا وین ڈرلی این نے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق یہ ملاقات اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 77 ویں اجلاس کے موقع پر ہوئی۔

نارووال، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کرتارپور میں افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان میں ہوئی تباہی کا دنیا کو اندازہ نہیں، انجلینا جولی

ہر جگہ پاک فوج کو عوام کی مدد کرتے اور زندگیاں بچاتے دیکھا ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) سیلاب متاثرین کی مدد کے لیے پاکستان آنے والی ہالی ووڈ اداکارہ اور اقوام متحدہ کی خصوصی سفیر انجلینا جولی نے پاکستان میں سیلاب (بقیہ نمبر 12)

ملک میں کورونا وائرس سے متاثر مزید 2 مریض انتقال کر گئے

کورونا وبا کے شکار 72 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے، قومی ادارہ صحت

اسلام آباد (چیف رپورٹر) ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس سے مزید 2 مریض جان کی بازی ہار گئے۔ قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) (بقیہ نمبر 13)

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ سے پہلے حکومتی اتحادیوں سے ملاقاتوں کا فیصلہ

تحریک انصاف نے موجودہ حکومت کیخلاف احتجاج کی فائنل کال سے قبل حکومتی اتحادیوں سے بھی ملاقاتوں کا فیصلہ کیا ہے

ایم کیو ایم حکومت سے بہت تنگ ہے اور ان سے پی ٹی آئی رہنما عمران اسماعیل پہلے ہی رابطے میں ہیں، ذرائع

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے لانگ مارچ سے پہلے حکومتی اتحادیوں سے ملاقاتوں کا فیصلہ کرلیا، جس میں اتحادیوں کو حکومت چھوڑنے پر قائل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق تحریک انصاف نے موجودہ حکومت کیخلاف احتجاج کی فائنل کال سے قبل حکومتی اتحادیوں سے بھی ملاقاتوں کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لانگ مارچ سے پہلے (بقیہ نمبر 6)

پی ٹی آئی کی 16 اکتوبر کو 8 حلقوں میں شیڈول الیکشن ملتوی کرنیکی درخواست

اسلام آباد (چیف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی جانب سے 16 اکتوبر کو آٹھ حلقوں میں شیڈول الیکشن ملتوی کرنے کی متفرق درخواست سپریم (بقیہ نمبر 23)

عمران خان خاتون جج سے ذاتی حیثیت میں معافی مانگنے کیلئے تیار

فرد جرم کی کارروائی موخر، بیان حلفی جمع کرانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایڈیشنل جج زیبا چوہدری سے متعلق دیئے گئے بیان پر سابق وزیراعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے (بقیہ نمبر 21)

لاہور، سیکرٹری صحت عمران سکندر بلوچ اپنے دفتر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی وزارت صحت نے حکومت سے بھارت سے مچھر دانیاں خریدنے کی اجازت طلب کرلی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وفاقی وزارت صحت نے حکومت سے بھارت سے مچھر دانیاں خریدنے کی اجازت طلب کرلی۔ نیشنل ملیریا کنٹرول پروگرام کے (بقیہ نمبر 7)

وفاق سے پنجاب کو آئندہ ماہ سے گندم فراہمی شروع ہونیکا امکان

وفاق نے پنجاب کو 5 لاکھ ٹن امپورٹڈ گندم فراہم کرنے کا اصولی فیصلہ کرلیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کو وفاق سے بڑا ریلیف مل گیا اور پنجاب کو ممکنہ طور پر آئندہ ماہ سے گندم فراہمی شروع ہونے کا امکان ہے۔ وفاق نے پنجاب کو 5 لاکھ ٹن امپورٹڈ گندم فراہم کرنے کا اصولی فیصلہ کرلیا۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی کے آئندہ اجلاس میں باضابطہ منظوری دی جائے گی۔ محکمہ خوراک پنجاب نے کراچی سے (بقیہ نمبر 10)

پاک فضائیہ سیلاب متاثرین کی بحالی کی کاروائیوں میں سرگرم عمل

سیلاب زدگان کو رہائش، طبی سہولیات، خوراک اور پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی ضروریات فراہم کی جارہی ہیں

پاک فضائیہ کے فیلڈ میڈیکل کیمپوں میں سیلاب متاثرین کو مفت ادویات اور طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ خیبر پختونخوا، سندھ، ضلع بلوچستان اور جنوبی پنجاب کے سیلاب متاثرین کے لیے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر طبی امداد کی فراہمی اور بحالی کی کاروائیوں میں سرگرم عمل ہے۔ پاک فضائیہ کے اہلکار سیلاب زدگان کو رہائش، طبی سہولیات، خوراک اور پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی ضروریات کی بروقت فراہمی کے لیے اپنی بھرپور خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ پاک فضائیہ کے قائم کردہ میڈیکل لیب ٹیکنیشن پوائنٹس سیلاب متاثرین میں بڑے پیمانے پر پھیلنے والی پانی سے پیدا شدہ بیماریوں جیسے کہ گیسٹرو، ڈینگی، ملیریا، ہیضہ اور پیچش کی تشخیص (بقیہ نمبر 22)

شہباز شریف کا امریکی صدر جوبائیڈن کا سیلاب زدگان کی حالت اجاگر کرنے اور ردعمل کی اپیل پر شکریہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے سوشل میڈیا پر امریکی صدر کو مخاطب کرتے ہوئے سیلاب زدگان کی حالت اجاگر کرنے اور ردعمل کی اپیل پر ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔ وزیراعظم نے ٹوئٹر پر (بقیہ نمبر 14)

درآمدی بل میں اضافہ اور ڈالر سمگلنگ: روپے کی قدر میں گراوٹ کا سلسلہ تھم نہ سکا

کراچی (بیورو چیف) پاکستانی روپیہ امریکی ڈالر کے مقابلے میں اپنی اب تک کی کم ترین سطح کے قریب پہنچ گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق بدھ کے روز روپے میں 0.31 فیصد کمی کے بعد انٹربینک میں ڈالر 239.65 پر بند ہوا۔

صدر مملکت عارف علوی کا شہید سپاہی نذر محمد کے خاندان سے اظہار ہمدردی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے شہید سپاہی نذر محمد کے خاندان سے اظہار ہمدردی کیا ہے۔ صدر مملکت عارف علوی نے 19 ستمبر کو شمالی وزیرستان میں شہید ہونے والے سپاہی نذر محمد کے بھائی سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور شہید کے (بقیہ نمبر 8)

پاکستان میں ہر سال غلط ادویات دینے سے 5 لاکھ افراد ہلاک ہوجاتے ہیں، ماہرین

اسلام آباد (چیف رپورٹر) ہسپتالوں میں تقریباً 18.3 فیصد منفی واقعات ادویات کے غلط استعمال کی وجہ سے ہوتے ہیں اور ہسپتالوں میں ہونے والی تقریباً 3 فیصد اموات بھی اسی وجہ سے ہوتی ہیں جبکہ پاکستان میں ہر سال تقریباً 5 لاکھ افراد غلط ادویات دیے جانے کی وجہ سے موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں۔

مجھے پاکستان کی عدلیہ سے جنگ نہیں لڑنی، مافیاں کے خلاف حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہا ہوں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ مجھے جنگ نہیں لڑنی، وہ پاکستان کی عدلیہ ہے، مافیاں کے خلاف حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہا ہوں۔ جمعرات کو ہائی کورٹ میں خاتون جج کو دھمکی دینے پر توہین عدالت کیس کی سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ میں مافیاں (بقیہ نمبر 9)

شہباز حکومت میں قرضوں میں 6 ہزار ارب سے زائد کا اضافہ

پیسہ عوام کی فلاح کے کاموں سے کہیں زیادہ قرضوں کی ادائیگی کی نذر ہو رہا ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) اسٹیٹ بینک کی جانب سے انکشاف کیا گیا ہے کہ شہباز حکومت نے پہلے 3 ماہ میں مجموعی قرضوں میں 6 ہزار 799 ارب روپے اضافہ کیا، یوں نئی حکومت نے معیشت پر روزانہ کی بنیاد 75 ارب روپے قرض کا بوجھ ڈالا۔

انجینئر امیر مقام ایڈوائزر وزیراعظم ایوان اقبال لاہور میں پودا لگا رہے ہیں

ABC Certified — MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

شمالی وزیرستان میں دہشت گردی کی تازہ کارروائی

افغانستان میں طالبان حکومت کے قیام کے باوجود پاکستان کو وہاں سے ابھی تک ٹھنڈی ہوا کا کوئی جھونکا نہیں آیا۔ حالانکہ طالبان نے جب امارت اسلامیہ افغانستان کا اقتدار سنبھالا تو یہ یقین دہانی کروائی تھی کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان سمیت کسی بھی ہمسایہ ملک کیخلاف استعمال نہیں ہونے دی جائیگی۔ لیکن اس یقین دہانی کے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد تحریک طالبان پاکستان کی طرف سے تخریب کاری کا عمل شروع کردیا گیا جس نے افغانستان میں پناہ لے رکھی ہے۔ افغانستان کی سرزمین سے دہشت گردی کی کارروائیوں کے خلاف پاکستان کے احتجاج کے باوجود یہ سلسلہ بدستور جاری ہے۔ منگل کے روز بھی شمالی وزیرستان کے علاقہ دواتوئی کے علاقے میں افغانستان سے آنیوالے دہشتگردوں نے سیکورٹی فورسز پر فائرنگ کردی، جس سے 34 سالہ سپاہی شہید ہوگیا۔ فورسز کی جوابی فائرنگ کے بعد دہشتگرد واپس افغانستان فرار ہوگئے۔

پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کی اس کارروائی کے پیچھے یقینی طور پر بھارت ہی کا ہاتھ دکھائی دیتا ہے۔ اگرچہ پاکستان نے افغان سرزمین استعمال کی شدید مذمت کی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ افغان حکومت مستقبل میں ایسی سرگرمیوں کی اجازت نہیں دے گی لیکن افغانستان سے جس طرح آئے روز دہشتگرد آکے دہشتگردی کی کارروائیاں کرکے واپس چلے جاتے ہیں۔ اسکے پیش نظر یہ امید رکھنا کہ وہ اپنی سرزمین ہمسایہ ممالک کیخلاف استعمال نہیں ہونے دینگے، اپنے آپ کو دھوکا دینے کے مترادف ہے۔ حکومت پاکستان کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے رواں اجلاس میں اس معاملے کو اٹھانا چاہیے جس میں وزیراعظم شہباز شریف بھی شریک ہیں۔ وہ اجلاس سے خطاب بھی کرینگے۔ انہیں چاہیے کہ وہ افغان سرزمین، پاکستان کیخلاف استعمال ہونے کا معاملہ اقوام عالم کے سامنے رکھیں اور اس حوالے سے ٹھوس لائحہ عمل اختیار کرنے کی درخواست کی جائے تاکہ اس سنگین مسئلہ کے حل کیلئے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر کوئی ٹھوس لائحہ عمل طے ہوسکے۔

دنیا کی سب سے مہنگی لکڑی جو سونے اور ہیرے سے بھی زیادہ قیمتی ہے!

(منقول احسن انصاری)

جب آپ کرہ ارض پر نایاب اور انتہائی قیمتی مواد کے بارے میں سوچتے ہیں تو یقیناً آپکا گمان ہیروں، پلاٹینم یا سونے کی جانب جاتا ہے لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ لکڑی کی ایک ایسی خصوصی قسم بھی ہے جو دراصل ان مذکورہ بالا تمام قیمتی اشیا سے بھی زیادہ مہنگی ہوتی ہے، جی ہاں یہ کینام کی لکڑی ہے، جو دنیا میں لکڑی کی سب سے مہنگی قسم ہے۔ یہ قیمتی معدنیات سے بھی زیادہ مہنگی ہے، اسے جاپان میں کیارا کہتے ہیں اور یہ بہت ہی نایاب قسم کی اگرووڈ ہے جو کہ پرفیوم اور اگربتی بنانے والی صنعتوں میں استعمال ہوتی ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اس لکڑی کی خوشبو بہت تیز ہوتی ہے، جبکہ یہ جزیرہ نما عرب میں بھی عطر اور خوشبوؤں کی تیاری میں استعمال ہوتی ہے، اس لکڑی کی ایک گرام کی قیمت دس ہزار امریکی ڈالرز سے زیادہ ہوتی ہے، جس نے اسے کرہ ارض کی سب سے مہنگی لکڑی بنادیا ہے۔ عود کی سب سے نایاب قسم 'کینام' ہے جس کی قیمت عالمی مارکیٹ میں 9 ملین ڈالرز فی کلو ہے۔ آپ کے خیال میں ایک درخت کس قدر مہنگا بک سکتا ہے؟ ایک لاکھ روپے؟ دس لاکھ روپے؟ بنکاک کے ایک مندر میں ایسا درخت موجود ہے جس کی قیمت 2 کروڑ 30 لاکھ ڈالرز لگ چکی ہے۔ بلاشبہ یہ دنیا کا قیمتی ترین درخت ہے جسے عربی میں "عود" اور انگریزی میں Agerwood کہتے ہیں۔ عود کی سب سے نایاب قسم 'کینام' ہے جس کی قیمت عالمی مارکیٹ میں 9 ملین ڈالرز فی کلو ہے۔ کچھ عرصہ قبل شنگھائی میں کینام کا دو کلو کا ٹکڑا 1 کروڑ 80 لاکھ ڈالرز میں فروخت ہوا۔ عام طور پر عود کی قیمت اس میں موجود عرق کی مقدار پر منحصر ہوتی ہے جو 80 ہزار ڈالر فی لیٹر بکتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کی چھال دو سو ڈالر سے پانچ ہزار ڈالر فی کلو تک فروخت ہوتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس درخت میں ایسا کیا ہے جس کیلئے جاپانی سرمایہ کار اتنی قیمت دینے کیلئے تیار ہیں؟ عود ایسا درخت ہے جسے بدھ مت، ہندومت اور اسلام میں مذہبی حیثیت حاصل ہے۔ جہاں ہندوؤں کی مذہبی کتاب رگ وید میں اس کا تذکرہ ملتا ہے وہیں شواہد ملے ہیں کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے دور میں اس لکڑی کو ہندوستان سے منگوا کر خوشبو کے لیے استعمال کیا جاتا تھا وہیں شواہد ملے ہیں کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے دور میں اس لکڑی کو ہندوستان سے منگوا کر خوشبو کیلئے استعمال کیا جاتا تھا۔ حدیث شریف میں ہے کہ "تم اس عود ہندی کو لازم جانو کہ اس میں سات طرح کی شفا ہے"۔ جن خوش نصیب لوگوں کو بیت اللہ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا ہے انہوں نے حرم کی فضا میں مسحور کن خوشبو محسوس کی ہوگی۔ یہ خوشبو عود کے سلگنے سے اٹھتی ہے۔ کعبہ شریف کے غلاف اور حجر اسود پر بھی عود کی خوشبو لگائی جاتی ہے۔ عود کا شمار دنیا کے مہنگے ترین پرفیومز میں کیا جاتا ہے، جسے صرف عرب شہزادے اور امیر لوگ ہی استعمال کرتے ہیں۔ اس درخت کے طبی فوائد کا ذکر کریں تو اس کی تاثیر خواب آور ہے۔ جوڑوں کے درد، جلدی امراض، ہاضمے کی خرابی اور کینسر میں فائدہ دیتا ہے۔ جو لوگ مراقبہ یا اسی قسم کی ذہنی مشقیں کرتے ہیں ان کے لئے عود کے بخارات موثر ہیں۔ عود کی مانگ میں عالمی سطح پر دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ اس وقت عالمی سطح پر اس کی مارکیٹ 32 ارب ڈالرز کی ہے، جو اگلے آٹھ سال میں دگنی ہوجائے گی۔ آخر کیا وجہ ہے کہ اتنے فوائد کے باوجود اس درخت کی مانگ پوری نہیں ہورہی؟ سادہ الفاظ میں اس کی وجہ عود کی محدود پیداوار ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ہر درخت میں عود پیدا نہیں ہوتا اور نہ ہی یہ خوشبو اٹھتی ہے بلکہ جب ان درختوں میں ایک خاص قسم کی پھپھوندی لگتی ہے تو اس میں سرخی مائل مادہ پیدا ہوتا۔ یہ مادہ دراصل پھپھوندی کے خلاف درخت کے مدافعتی کیمیکلز ہیں جن کے پیدا ہونے سے لکڑی کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ ایسی لکڑی کے ٹکڑوں یا برادے کو سلگا کر خوشبو کے حصول کے لئے یا اس میں سے عرق نکال کر صنعتی پیمانے پر استعمال کیا جاتا ہے۔ قدرتی طور پر صرف 2 فیصد عود میں پھپھوندی پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے اس میں مصنوعی طور پر فنگل انفیکشن کرائے جاتے ہیں، جس کے لئے اس کے تنے پر چار انچ کے فاصلے پر کیل لگائے جاتے ہیں یا تنے میں انجیکشن لگائے جاتے ہیں۔ عام طور پر درخت دیکھنے سے پتا نہیں چلتا کہ اس میں عود پیدا ہوگیا ہے یا نہیں۔ اس لیے عود کی دن بدن بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرنے کے لئے بے دریغ کٹائی کی جارہی ہے۔ آسام میں عود کے جنگلات معدوم ہوچکے ہیں۔ اگرچہ حکومتی سرپرستی میں عود کی شجرکاری شروع ہوچکی ہے لیکن یہ طلب کو پورا کرنے کیلئے ناکافی ہے۔ عالمی تنظیم سائٹس نے اس درخت کو معدوم ہونے سے بچانے کیلئے کٹائی پر پابندی عائد کردی ہے۔ ملائیشیا اور انڈونیشیا میں اس درخت کی برآمد کا ایک کوٹہ مقرر ہے جس کیلئے سائٹس کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ دکھانا پڑتا ہے۔ اتنی پابندی اور سخت عالمی قوانین کے باوجود بھی عود کی بلیک مارکیٹنگ ہورہی ہے۔ بنکاک کی عرب اسٹریٹ عود مافیا کا گڑھ ہے اور اس کاروبار میں پولیس، کسٹم حکام اور انڈر ورلڈ مافیا تک شامل ہیں۔ دنیا بھر کے مختلف ممالک سے خفیہ طور پر عود کے درخت کاٹ کر یہاں فروخت کیے جاتے ہیں۔ عود مافیا اس کا وزن بڑھانے کیلئے سیسے کی ملاوٹ بھی کررہی ہے جو انسانی صحت کیلئے جان لیوا ہے۔ عود کی زیادہ تر کاشت ویت نام، کمبوڈیا، چین، تھائی لینڈ، جاپان، سری لنکا اور بھارت میں کی جاتی ہے۔ پاکستان میں آب و ہوا اور زمین عود کی کاشت کے لئے سازگار ہے۔ یہ درخت کم از کم 5 ڈگری اور زیادہ سے زیادہ 42 ڈگری درجہ حرارت برداشت کرلیتا ہے، جبکہ 25 ڈگری درجہ حرارت پر اس کی نشوونما بہترین ہوتی ہے۔ پاکستان کے بیشتر علاقوں میں مارچ اور اپریل میں اس کی کاشت کیلئے موسم موزوں ہوتا ہے۔ اس کے بیج شروع میں گملے وغیرہ میں لگانے چاہئیں تاکہ ان کا اچھی طرح خیال رکھا جاسکے۔ ہلکی مٹی میں ڈائریکٹ بیج لگادیے جائیں تو دس دن میں بیج پھوٹ آتے ہیں۔ ابتدائی چند ہفتے پودوں کو کھڑکی کے سامنے کھلی جگہ پر رکھیں تاکہ روشنی ملتی رہے۔ تین ماہ بعد پودے کھیت میں منتقل کرنے کے قابل ہوجاتے ہیں۔ اس کے بعد ان کی دیکھ بھال عام درختوں کی طرح کی جاتی ہے۔ عام طور پر 10 سال میں یہ درخت مکمل طور پر تیار ہوجاتا ہے لیکن آج کل 4 سال بعد اس کی فروخت شروع کردی جاتی ہے۔ آج کل زراعت صرف چند فصلیں اگانے تک محدود نہیں ہے۔ موجودہ دور میں ترقی یافتہ ممالک ایگرو فاریسٹری کے فروغ کے لئے کام کررہے ہیں۔ جس میں فصلوں کے ساتھ ساتھ درخت لگا کر کاشتکاروں کی آمدنی بڑھائی جاتی ہے۔ عام کسان اپنی فصلوں کے علاوہ اس طرح کے درخت لگا کر لاکھوں کماسکتے ہیں۔ عود، زیتون، ساگوان اور صندل وغیرہ جتنے پرانے ہوتے جائیں ان کی قیمت میں اتنا زیادہ اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اس لیے یہ درخت آنے والی نسلوں کے لئے بھی سرمایہ ثابت ہوسکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتی سرپرستی میں ان درختوں پر تحقیق کی جائے اور ایسی ورائٹیز بنائی جائیں جو مقامی ماحول سے مطابقت رکھتی ہوں۔ اس کے بعد ان کی کاشت کے لئے موزوں طریقہ کار اپناتے ہوئے کسانوں کو تربیت دی جائے تاکہ وہ ایگروفاریسٹری سے فائدہ اٹھاسکیں۔

چنگاریاں

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

چھٹی کے دن میں راحت و سکون کے مزے لوٹ رہا تھا لیکن دل و دماغ پر وطن عزیز پر سیلاب کی تباہ کاریاں بوجھ بن کر سوار تھیں ٹی وی پر پاکستان کے طول و عرض میں تباہ کاریاں بے یار و مددگار عوام بچے عورتیں بوڑھے بچھو کے ڈنگ کی طرح چبھ رہے تھے میں چھٹی کو انجوائے کرنا چاہتا تھا لیکن حالیہ سیلاب کی ہولناکیوں کی وجہ سے دل کسی کام میں نہیں لگ رہا تھا دل اداس گرفتہ بوجھل تھا کہ کیوں ہر سال ہمارے ہی ملک پر پانی سیلاب کی صورت میں آفت بن کر لاکھوں لوگوں کو بے گھر کر کے کھلے آسمان کے نیچے تڑپ تڑپ کر مرنے کے لیے چھوڑ دیتا ہے ہزاروں لوگ سیلاب کی تند و تیز موجوں بلکہ طوفانی لہروں میں بہہ جاتے ہیں مکانات زمین کا ڈھیر بن جاتے ہیں مویشی گھر کا سامان سیلاب بہا کر لے جاتا ہے اِن تباہ حال لوگوں کو دیکھ کر لگتا ہے ہم ہزار سال پہلے کے زمانے میں رہ رہے ہیں جب سائنسی ترقی بلکل نہیں تھی اور اہل زمین قدرتی آفات کا لقمہ بنتے چلے جاتے تھے لیکن سچ تو یہ ہے کہ موجودہ دور انسانی تاریخ کا ترقی یافتہ ترین دور ہے جب انسان نے اپنی عقل دانائی فہم و فراست سے اِس قدر سائنسی ٹیکنالوجی ترقی حاصل کرلی ہے کہ اب زلزلے طوفان سیلاب انسانی آبادیوں کو نقصان نہیں پہنچاتے زلزلے انسانی آبادیوں کو برباد مٹی کا ڈھیر بنانے میں اہم کردار ادا کرتے تھے لیکن موجودہ ترقی یافتہ دور میں اب گھر بنانے میں ایسے طریقے استعمال کیے جاتے ہیں کہ زلزلے آتے تو اب بھی اتنی ہی شدت سے ہیں لیکن انسانی عقل مندی اور ٹیکنالوجی کے استعمال سے اب گھر محفوظ رہتے ہیں اِس طرح انسان زلزلوں کی تباہ کاریوں سے محفوظ ہوجاتے ہیں اِسی طرح ہزاروں سالوں سے انسان تیز ضرورت سے زیادہ بارشوں پہاڑوں پر برف گلیشیر پگھلنے سے طوفانی سیلاب کا شکار ہوتا آیا ہے ہر سال ہزاروں لاکھوں لوگ اِس آفت کا شکار ہوکر زندگی کی بازی ہار جاتے ہیں لیکن موجودہ دور کے ترقی یافتہ ممالک نے ڈیم پر ڈیم بنا کر پانی کو ذخیرہ کر کے ہزاروں سالوں سے اِس بپھرے طوفان کو لگام ڈالی ہمارے پڑوس میں بھارے اور چین دونوں ملکوں نے سینکڑوں ڈیم بنا کر اِس سرکش طوفانی عفریت کو قابو کیا لیکن ہم دنیا جہاں کی ترقی اور سیلاب کو لگام ڈالنے کے اِن طریقوں پر عمل نہ کر سکے قومیت عصبیت نفرت کی آگ میں جلتی پاکستانی عوام اور دشمن ملک کے ہاتھوں کھیلنے والے سیاست جیسے ہی کوئی حکمران ڈیم خاص طور پر کالا باغ ڈیم بنانے کی کوشش کرتا ہے بغاوت کے جھنڈے لے کر کے پی کے اور سندھ کے سیاستدان سامنے آجاتے ہیں ہمارے شہر دیہات برباد ہوجائیں چاہے ہم کالا باغ ڈیم اور دوسرے ڈیموں کو نہیں بننے دیں گے ساری دنیا کے ماہرین اور پاکستان ماہرین چیخ چیخ کر تھک گئے ہیں کہ کالا باغ ڈیم ہماری ناگزیر ضرورت ہے جس سے ایک طرف تو ہم سستی بجلی پیدا کریں گے دوسری طرف منہ زور سرکش سیلاب کے بے راس گھوڑے کو بھی لگام ڈال لیں گے لیکن کئی عشرے گزرنے کے بعد بھی ہم اِس ضروری مسئلے کو حل نہیں کر سکے وطن عزیز کے کوچہ اقتدار پر بڑے بڑے نامور حکمرانوں آمروں کا قبضہ رہا انہوں نے ذاتی فائدے اپنے رشتہ داروں کو بہت نوازا لیکن کالا باغ ڈیم کا مسئلہ جوں کا توں رہا پاکستان کے ادارے اپنی پسند کی اصلاحات تو ہر روز کرتے ہیں لیکن کالا باغ ڈیم کے سلسلے میں سنجیدہ کوشش نہیں کرتے ہر سال جب سیلاب کا بے رحم عفریت آبادیوں کی آبادیاں اجاڑ دیتا ہے سینکڑوں دیہات کو صفحہ ہستی سے مٹا دیتا ہے شہروں کو مٹی کے ڈھیر میں بدل دیتا ہے اُس وقت ڈیم کی باتیں چند روز ہوتی ہیں پھر خاموشی اور بے حسی کی چادر تن جاتی ہے جو حکمران بھی آتا ہے وہ اپنی سلطنت اپنی کرسی کو مفید کرنے کے سارے گُر جانتا ہے اپوزیشن کو لتاڑنے نیچا دکھانے کے سارے طریقے آتے ہیں لیکن بے آسرا بے یار و مددگار کھلے آسمان کے نیچے تڑپ تڑپ کر نے مرنے وہی عوام کا خیال کسی کو نہیں آتا یہ سچ ہے کہ جب سے پاکستان بنتا ہے ہر سال سیلاب کی تباہ کاریوں کا مقابلہ صرف اور صرف عوام نے برداشت کیا پاکستانی قوم نے آگے بڑھ کر اِن بے یار و مددگار انسانوں کی مدد کی وطن عزیز پر جب بھی کوئی اِیسی آفت آتی ہے تو عوام ہی ایمانی مدد کے جذبے سے سرشار اُٹھ کر اِن آفت زدہ علاقوں میں جا کر خوراک خیمے ادویات پہنچاتے ہیں اگر عوام میں مدد کا یہ جذبہ نہ ہو تو ہر سال لاکھوں لوگ کھلے آسمان کے نیچے تڑپ تڑپ کر مر جائیں میرا دل شدت سے چلا رہا تھا میں کس طرح اِن بے یار و مددگار سسکتے تڑپتے مرتے انسانوں کی مدد کرو تو مجھے اچانک لطیف بھٹی یاد آیا چھوٹے قد کا انقلابی انسان جو ہر وقت اصلاح معاشرہ اور انسانوں کی مدد کے لیے تیار اور بے چین رہتا ہے جب جوانی میں میری اِس سے ملاقات ہونے سے پہلے یہ مختلف سیاسی پارٹیوں کا ورکر رہ چکا ہے یہ معاشرے میں سدھار کرنا چاہتا لیکن جب تھوڑا عرصہ کسی سیاسی پارٹی میں گزار کر دیکھتا ہے کہ اِس پارٹی کے نعرے صرف کھوکھلے ہیں یہ حقیقی تبدیلی نہیں چاہتے تو دوسری پارٹی کو جوائن کر لیتا ہے سماجی طبیعت کا مالک ملک میں زلزلہ طوفان سیلاب کرونا کوئی آفت آئے یہ اگلے مورچوں میں خدمت کرتا نظر آتا ہے میں نے اُسے فون کیا تو وہ شام کو آگیا میرے پاس جو سامان کپڑے ادویات پیسے تھے اِس کو دیئے تاکہ میں بھی عملی مدد میں شامل ہوسکوں تو لطیف بولا جناب ہم تو پہلے دن سے سیلاب زدہ علاقوں میں کام کر رہے ہیں لوگوں تک ضرورت کی ساری چیزیں پہنچا رہے ہیں پھر اُس نے اپنی موجودہ جماعت کا بتانا شروع کردیا کہ ہم غیر سیاسی لوگ ہیں جو صرف خدمت اور خدمت پر یقین کرتے ہیں میرے ساتھی بھی حقیقی خدمت پر یقین رکھتے ہیں پھر ڈھیر ساری باتیں کرنے کے بعد لطیف بھٹی چلا گیا تو میں قدرت کے اُس پراسرار خفیہ نظام پر غور کرنے لگا کہ لطیف جیسے لوگ ہی اِس مردہ راکھ کے ڈھیر معاشرے میں دبی ہوئی چنگاریاں ہیں جو ضرورت پڑنے پر روشن ہوکر مسائل پریشانیوں کے اندھیروں کو دور کرتی ہیں قدرت معاشروں کے توازن کو قائم رکھنے کے لیے اِیسی چنگاریاں سلگاتا رہتا ہے جن کے دلوں میں خدمت خلق کا جذبہ ہوتا ہے جو کسی دوسرے کو تکلیف میں دیکھ کر کمر باندھ کر سامنے آتے ہیں وطن عزیز میں لطیف بھٹی جیسے بے نام ہیروز ہیں جو اِس مردہ بانجھ معاشرے کو قائم و دائم رکھے ہوئے ہیں۔

سیلاب کی تباہ کاریاں اور بلکتی انسانیت

اجڑ رہا ہے چمن میرا کچھ تو اس کی خبر لے لو

پچھلے دنوں جنوبی پنجاب، اندرون سندھ اور خیبر پختون خواہ کے مختلف علاقوں میں قیامت برپا کرنے والے جو مناظر سامنے آئے وہ بڑے دلخراش تھے۔ مسلسل بارشوں کی وجہ سے جو سیلابی صورتحال پیدا ہوئی اس کی وجہ سے لاکھوں لوگ بے گھر ہوگئے۔ کئی لوگوں کی کل جمع پونجی اور ان کی اولادیں ان کی آنکھوں کے سامنے بہہ گئیں اور وہ بے بسی کی تصویر بنے دیکھتے رہ گئے۔ کتنے معصوم پھول پانی کی موجوں میں سسکتے سسکتے امی ابو پکارتے پکارتے مرجھا گئے، کتنی مائیں اور کتنے باپ ایسے ہیں کہ ان کو اپنے بچوں کی لاشیں تک نہ مل سکیں اور کتنے بچے ایسے تھے جو بے گور و کفن رہ گئے۔ انسانیت سسکتی رہی، مائیں بین کرتی رہیں اور باپ گریبان چاک کرتے رہے، آہ کتنی پیاری جانیں نذر آب ہوگئیں، لاکھوں لوگوں کے گھر اجڑے تو وہ ساری ساری رات کھلے آسمان تلے پانی میں بیٹھ کے بے بسی کی تصویر بنے رہے اور اپنے بچوں کی لاشوں کو ہاتھوں میں لئے مدد کے منتظر رہے، راستے ویران ہوئے، سڑکیں برباد ہوئیں اور گاؤں کے گاؤں اجڑ گئے، وہ مدد کے لیے پکارتے رہے۔ مگر حکومت وقت اپنی بے حسی اور اقتدار کے نشے میں مدہوش رہی اور ان کا پرسان حال نہ بنی۔

اور یہ بے حسی آج کی نہیں بلکہ ہمیشہ سے رہی ہے، کئی سروے ہوئے اور مستقبل کی پیش بندی کرنے والے چیخ چیخ کر یہ کہتے رہے کہ ڈیم بنالو تو ان موسمی بارشوں کا پانی سٹور بھی ہوجائے گا اور سیلاب کا خطرہ بھی ٹل جائے گا وہی پانی جو ہم پہ ہر سال قیامت ڈھاتا ہے اگر ڈیم بنا دیئے جائیں تو وہی پانی ہمارے ملک کی قوت و توانائی میں تبدیل ہوسکتا ہے۔

14 جون 2022 سے اب تک پاکستان میں سیلاب سے 1,559 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ یہ سیلاب معمول سے زیادہ مون سون بارشوں اور پگھلتے ہوئے گلیشیئرز کی وجہ سے آئے تھے جو گرمی کی شدید لہر کے بعد آئے، یہ سب موسمیاتی تبدیلیوں سے منسلک ہیں۔ یہ 2017 کے جنوبی ایشیائی سیلاب کے بعد دنیا کا سب سے مہلک سیلاب ہے اور اسے ملکی تاریخ کا بدترین سیلاب قرار دیا گیا ہے۔ 25 اگست کو پاکستان نے سیلاب کی وجہ سے ہنگامی حالت کا اعلان کیا۔ 29 اگست تک، پاکستان کے وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی نے کہا کہ ملک کا تقریباً "ایک تہائی" پانی کے نیچے تھا، جس سے 33 ملین لوگ متاثر ہوئے تھے۔ حکومت پاکستان نے ملک بھر میں سیلاب سے اب تک 40 بلین امریکی ڈالر کے نقصان کا تخمینہ لگایا ہے۔ اس سیلاب کے باعث جنوبی پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں زیادہ تباہ کاریاں ہوئی ہیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اب متاثرہ اضلاع کی تعداد 110 ہے، جن میں بلوچستان کے 34، خیبر پختونخوا کے 33، سندھ میں 16 اور باقی پنجاب، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں شامل ہیں۔ جب لوگوں کی نظریں بے حس حکومت پہ تھیں تو اس وقت اپنے آپ کو ایک ہی جسم کا ایک عضو ثابت کرنے والی اور انسانیت کی ہمدردی کا بے لوث جذبہ رکھنے والی دکھی لوگوں کے دکھوں پہ مرہم رکھنے والی اور بے سہارا لوگوں کا سہارا بننے والی اور غمزدہ لوگوں کے غموں کا مداوا کرنے والی تنظیمیں اپنے ان پریشان حال بھائیوں کے دکھ درد میں شریک رہیں اور ان کے دامن کو مضبوطی سے تھامے رہی ان تنظیموں سے ایک تنظیم ضیاکالامت فاؤنڈیشن ہے جو اس مشکل وقت میں ان دکھی بھائیوں کے درد کا درماں ثابت ہوئی۔

ضیاکالامت فاؤنڈیشن جون سے ہی خدمتِ خلق کا جذبہ لیے اپنی تمام تر کاوشوں کو بروئے کار لا رہی ہے۔ سیلاب زدگان کی امداد کا سلسلہ بلوچستان کے علاقہ جات سے شروع کیا گیا جن میں ڈیرہ اللہ یار، جھل مگسی، لسبیلہ، جعفر آباد، ہیڈ باغ، ربی کنال، ڈیرہ مراد جمالی، تحصیل چھتر، نوتال و دیگر سیلاب متاثرہ علاقہ جات شامل ہیں۔ ان تمام علاقہ جات میں روزانہ کی بنیاد پر پکا پکایا کھانا اور خشک راشن مہیا کیا گیا اور یہ سلسلہ ابھی تک جاری و ساری ہے۔

دوسرے مرحلے میں جنوبی پنجاب کے متاثرہ علاقہ جات ڈیرہ غازی خان، تونسہ شریف، راجن پور کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخواہ کے ڈیرہ اسماعیل خان کی مختلف بستیوں جن میں مبارک شاہ، سردارے والا، غلامے والا، ڈھوتر، گرسل، جبار والا، ٹھٹھہ بلوچاں والا، مقیم شاہ، کوٹ اٹل شریف، ہتھالہ، بڈھ، کوٹ عیسی خان، یارا، گنڈی عاشق، گرہ عالم خان، خان دا گرہ، سگو، کہاوڑ، گرہ علی، موسی زئی شریف، پروا، رمک، عادل سپرا، حاجی مورہ، فتح، ماہڑہ، رکنو، جھوک جھنڈیر، مندرہ کلاں، ہمت و دیگر شامل ہیں۔

ان تمام بستیوں میں ضیاکالامت فاؤنڈیشن کی طرف سے تقریباً بارہ ہزار لوگوں کو کپڑے، بستر، برتن، خشک راشن، پکا پکایا کھانا، رہائشی خیمہ جات پر مشتمل وسیع امدادی سامان مہیا کیا گیا۔

علاوہ ازیں میڈیکل کیمپ کا اجراء کیا گیا جس میں گیارہ مرد ڈاکٹرز اور چار خواتین ڈاکٹرز کی میڈیکل ٹیم نے اپنی خدمات پیش کیں اور تقریباً پانچ ہزار افراد کو مفت طبی امداد اور ملٹی نیشنل کمپنیز کی ادویات مہیا کیں۔

تیسرے مرحلے میں سندھ کے مختلف متاثرہ اضلاع جن میں ضلع گھوٹکی، خیرپور، سکھر، نواب شاہ و دیگر شامل ہیں۔ ان تمام اضلاع میں خیمہ جات، میڈیکل کیمپ اور پکا پکایا کھانا کی ترسیل کا عمل جاری و ساری ہے۔ اسی طرح بلوچستان کے ضلع صحبت پور کے گوٹھ سردار خان، گوٹھ مشرف خان، گوٹھ سلیم خان، گوٹھ حسام الدین، گوٹھ جہانی، گوٹھ بالوخان اور اسی طرح ضلع بولان کے گوٹھ رستم زئی میرانی، گوٹھ کھا را میرانی، گوٹھ سورانی، گوٹھ بولیدی، گوٹھ رئیس کنڈل، گوٹھ دوسہ لاشاری و دیگر سبھی کے متاثرہ علاقہ جات میں پچاس لاکھ سے زائد رقم کا امدادی سامان مہیا کیا جاچکا ہے۔

اگلے مرحلے میں ضیاکالامت فاؤنڈیشن سیلاب متاثرہ لوگوں کے لیے گھر بنا کر دینے کا عزم رکھتی ہے، جس پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔

آیئے!!! خدمتِ خلق اور رضائے الٰہی کے حصول کے جذبے سے سرشار ہو کر ضیاکالامت فاؤنڈیشن کے ساتھ تعاون کا سلسلہ استوار رکھیں اور اپنے بھائیوں کے لیے خیر کا وسیلہ بنیں۔

اسی کے ساتھ بھیرہ شریف سے منسلک تنظیم الکرم فرینڈز پاکستان سیلاب زدگان کی امداد میں پیش پیش رہی اور جنوبی پنجاب کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخواہ کے شمالی علاقہ جات صوابی، سوات، چارسدہ، نوشہرہ، مانکی شریف، کیمپ کرونا و دیگر علاقہ جات میں بھرپور امدادی سرگرمیوں کے ذریعے متاثرہ افراد کی خدمت کی۔

خواہشوں کی اسیر دنیا

رودادِ خیال
صفدر علی خاں
safdarkhan92@hotmail.com

مشکلات سے نبرد آزما ہونے والے ہی زندگی کے تلخ تجربات کے ذریعے آنیوالے مصائب کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، انسان کو روئے زمین پر اس لئے ساری مخلوق سے افضل قرار دیا گیا ہے کہ وہ اپنے علم، فکر، دانش اور فہم و فراست سے آنیوالی مشکلات کی پیش بندی کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اسکی یہ سوچ ہی اسے تمام مخلوقات سے ممتاز بناتی ہے، ان سب کے باوجود انسان کے اندر بے شمار خامیاں بھی ہیں جن کا وہ اکثر مظاہرہ کرتا رہتا ہے، انسان کی خواہش ہی اسے بہت کچھ کرنے پر اکساتی رہتی ہے اور اس خواہش کی تکمیل کی خاطر انسان ہر طرح کا اچھا اور برا کام کرنے پر تیار ہوتا ہے، انسان کی فطرت میں جستجو ضرور ہے اور اپنے کل کو کچھ بہتر بنانے کے لئے اسکی سوچ کا کینوس پھیلتا جاتا ہے اور یہ ساری سرگرمیاں اسکی خواہشوں کے طلاطم کی اسیر ہو کر اچھے اور برے کے فرق کو بھی خاطر میں نہیں لاتیں، ان حالات میں اب تیز رفتاری سے ترقی کرنے والی دنیا میں قدرتی آفات بلاسبب نہیں آتیں، سائنس دانوں نے انتہائی تیز رفتار ترقی کے لئے جاری انسانی سرگرمیوں کو تمام ناگہانی آفات کی وجہ قرار دیا ہے، جن میں موسمیاتی تبدیلی کو بھی انسان کی ترقی کے نام پر لالچ کی کارستانی کہا گیا ہے، موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں ماہرین کی اب تک ہونے والی تحقیق کے مطابق انسانی سرگرمیوں نے کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج میں اضافہ کیا ہے، جو درجہ حرارت کو بڑھاتا ہے۔ موسم میں شدت اور قطبی برف کا پگھلنا اس کے ممکنہ اثرات میں شامل ہیں۔ کسی ایک علاقے کی آب و ہوا اُس کے کئی سالوں کے موسم کا اوسط ہوتی ہے۔ ماحولیاتی تبدیلی اس اوسط میں تبدیلی کو کہتے ہیں۔ زمین اب بہت تیزی سے ماحولیاتی تبدیلی کے دور سے گزر رہی ہے اور عالمی درجہ حرارت بڑھ رہا ہے۔ آب و ہوا کی تبدیلی ہمارے طرز زندگی کو بدل دے گی، جس سے پانی کی قلت پیدا ہوگی اور خوراک پیدا کرنا مشکل ہو جائے گا۔ کچھ خطے خطرناک حد تک گرم ہو سکتے ہیں اور دیگر سمندر کی سطح میں اضافے کی وجہ سے رہنے کے قابل نہیں رہیں گے۔ موسم میں شدت کی وجہ سے پیش آنے والے واقعات جیسے گرمی کی لہر، بارشیں اور طوفان بار بار آئیں گے اور ان کی شدت میں اضافہ ہوجائے گا، یہ لوگوں کی زندگیوں اور ذریعہ معاش کے لیے خطرہ ہوگی۔ غریب ممالک کے شہریوں کے پاس حالات کے مطابق ڈھلنے کا امکان کم ہوتا ہے اس لیے وہ سب سے زیادہ نقصان اٹھائیں گے۔ قطبی برف اور گلیشیئر تیزی سے پگھل رہے ہیں۔ نشیبی ساحلی علاقوں کے ساتھ ساتھ سمندروں میں طغیانی کا خطرہ ہے۔ جب سائبیریا جیسی جگہوں پر منجمد زمین پگھلتی ہے، وہاں میتھین جو ایک گرین ہاؤس گیس ہے فضا میں خارج ہوتی ہے، جس سے موسمیاتی تبدیلی کی صورتحال مزید خراب ہوتی ہے۔ جنگل کی آگ کے لیے سازگار موسمی حالات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ آب و ہوا میں ہمیشہ قدرتی تغیرات ہوتے رہے ہیں۔ لیکن انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے اب عالمی درجہ حرارت بڑھ رہا ہے۔ ماضی میں جب سے لوگوں نے تیل، گیس اور کوئلے کا استعمال شروع کیا ہے تب سے دنیا تقریباً 1.2 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ گرم ہوئی ہے۔ یہ ایندھن بجلی کے کارخانوں، ٹرانسپورٹ اور گھروں کو گرم کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ ان فوسل فیولز کو جلانے سے گرین ہاؤس گیسیں خارج ہوتی ہیں جو سورج کی توانائی کو پھنساتی ہیں۔ فضا میں ایک گرین ہاؤس گیس جو کاربن ڈائی اکسائیڈ ہے اُس کی مقدار انیسویں صدی کے بعد سے تقریباً 50 فیصد اور گذشتہ دو دہائیوں میں اس میں 12 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ گرین ہاؤس گیسز میں اضافے کی ایک اور وجہ جنگلات کی کٹائی ہے۔ جب درختوں کو جلایا جاتا ہے یا انھیں کاٹا جاتا ہے تو عام طور پر ان میں کاربن کا ذخیرہ ہوتا ہے اُس کا اخراج ہوجاتا ہے۔ سائنسدانوں نے درجہ حرارت میں 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ کے اضافے کو گلوبل وارمنگ کے لیے 'محفوظ' حد مقرر کیا ہے۔ اگر درجہ حرارت زیادہ ہو جائے تو قدرتی ماحول میں نقصان دہ تبدیلیاں انسانوں کے طرز زندگی کو تبدیل کر سکتی ہیں۔ بہت سے سائنسدانوں کا خیال ہے کہ ایسا ہوگا اور صدی کے اختتام تک 3 ڈگری سینٹی گریڈ یا اس سے زیادہ کے اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔ اس طرح پاکستان جس کا موسمیاتی تبدیلی میں کوئی حصہ بھی نہیں اب طوفانی بارشوں اور سیلاب کی شکل میں دوسروں کی لالچ کا خمیازہ بھگت رہا ہے اس بات کا اعتراف نہ صرف ماہرین بلکہ اقوام متحدہ کے حالیہ اجلاس میں برملا کیا گیا ہے، آفات کا آنا بھی انسان کی سرگرمیوں کا ردعمل ٹھہرایا گیا ہے، شاعر بھی تو یہی کہتا ہے، عوقت کرتا ہے پرورش برسوں حادثے ایک دم نہیں ہوتے پاکستان دنیا کی لالچ کا شکار ہوا ہے اس وقت سیلاب کی تباہیوں سے اربوں ڈالر کا انفراسٹرکچر ملیامیٹ ہو کر رہ گیا ہے، دنیا کو اس حوالے سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے خبردار کیا ہے کہ ان کی لالچ کے سبب موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں قدرتی آفات کا سلسلہ ان تک بھی پہنچ رہا ہے اس لئے اس کا سدباب ہونا چاہئے اور دنیا کو سر جوڑ کر اس مسئلے سے نبرد آزما ہونے کی تیاری کرنی چاہئے، پاکستان کے سیلاب متاثرین کی مدد سے اگرچہ تیز رفتار ترقی کرنے والے ممالک کی کوتاہیوں کا ازالہ تو نہیں ہوسکتا مگر کم از کم احساس ہی اجاگر ہوجائے تو پھر سوچ کا دھارا تبدیل ہوسکتا ہے اس لئے اقوام متحدہ کے سربراہ کی وارننگ پر ہی سہی اپنے لئے خود گڑھا کھودنے سے باز آنے کی صورت پیدا ہوسکتی ہے۔ اپنی بربادی کے سدباب کی تحریک ملنے پر ہی شائد خواہشوں کی اسیر دنیا کو پھر اچھے، برے کام کے فرق کا بھی احساس ہوجائے۔

کرکٹر محمد عامر اور ان کی اہلیہ کے ہاں تیسری بیٹی کی پیدائش

ہمیں اللہ نے بیٹی سے نوازا ہے، جن کا نام آئرا عامر رکھا ہے

لاہور (این این آئی) کرکٹر محمد عامر اور ان کی اہلیہ نرجس خاتون کے ہاں تیسری بیٹی کی پیدائش ہوئی ہے۔ انہوں نے ٹوئٹر پر اس خوشخبری کا اعلان کیا، اور اپنی فیملی میں شامل ہونے والی ننھی پری کی تصویر شیئر کی۔ انہوں نے لکھا کہ الحمدللہ، ہمیں اللہ نے بیٹی سے نوازا ہے، جن کا نام آئرا عامر رکھا ہے، انہوں نے نوزائیدہ کی تصویر پر سرخ دل لگایا۔ ٹوئٹر پر صارفین نے مبارکباد کے پیغامات کی بارش کردی، حتیٰ کہ بھارتی مداحوں نے بھی کرکٹر کے ساتھ نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ محمد عامر اور نرجس خاتون 2016 میں رشتہ ازدواج میں بندھے تھے۔ وہ پہلے ہی 2 بیٹیوں 5 سالہ منسا اور 2 سالہ زویا کے والدین ہیں۔

کرکٹ چھوڑ کر کھلاڑیوں نے انڈور گیمز میں حصہ لیا

کپتان بابر اعظم ہر کھیل میں پیش پیش رہے

کراچی (این این آئی) پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں نے آج پریکٹس سیشن تو منسوخ کردیے البتہ کھلاڑیوں نے ہوٹل میں ٹینس کھیلی اور انڈور گیمز میں بھی حصہ لیا، کپتان بابر اعظم ہر کھیل میں پیش پیش رہے۔ گزشتہ روز بابر اعظم، محمد حارث اور محمد حسنین نے ٹینس کھیلی جبکہ حارث رؤف چیئر امپائر بن کر بیٹھ گئے ٹینس کے دوران کھلاڑی ہلہ گلہ کرتے بھی نظر آئے۔ ہوٹل میں گی ورچوئل گالف میں بھی کپتان بابر اعظم ایکشن میں رہے جبکہ انگلینڈ ٹیم کے کھلاڑی بھی ورچوئل گالف میں مصروف نظر آئے۔ پول ٹیبل پر بھی کھلاڑی ایکشن میں رہے۔ جبکہ ٹیبل ٹینس میں بھی خوب رنگ جمایا۔

یوئیفا ویمن چیمپئنز لیگ میں آرسنل اور ایف سی اے جیکس کا میچ برابر

لندن (این این آئی) یوئیفا ویمن چیمپئنز لیگ میں آرسنل اور ایف سی اے جیکس کا میچ دو دو گول سے برابر ہوگیا۔ ویمن چیمپئنز لیگ کے دوران ایف سی اے جیکس نے کھیل کے آغاز کے ساتھ ہی حریف ٹیم پر بھرپور حملے کیے، 17ویں منٹ میں اے جیکس کی رومی لیچر نے شاندار گول اسکور کیا۔ آرسنل کی جانب سے سٹینا بلیک نے گول سکور کرکے اے جیکس کی برتری ختم کردی،

فنکار کو اپنا غم اپنے اندر چھپانا پڑتا ہے' زیبا شہناز

جب میرے والد کا انتقال ہوا تو میں اس وقت امریکہ میں شو کر رہی تھی' انٹرویو



لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ زیبا شہناز نے کہا ہے کہ فنکار کی زندگی بھی عام لوگوں کی طرح ہی ہوتی ہے بلکہ ہمیں تو اپنا غم اپنے اندر چھپانا پڑتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جب میرے والد کا انتقال ہوا تو میں اس وقت امریکہ میں شو کر رہی تھی لیکن اپنے غم کو اپنے اندر چھپا کر شو کرتی رہی۔ والد کے انتقال کی اطلاع کے باوجود پہاڑ جیسے غم کو اپنے چھپا کر لوگوں کے سامنے پرفارمنس دی اور اس وقت میری کیا کیفیت تھی وہ میں یا میرا خدا ہی جانتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے لئے والد کا دنیا سے چلے جانا سب سے بڑا صدمہ تھا اور والد کی وفات کے تیسرے روز رسم سوم میں شرکت کیلئے پاکستان پہنچی

چھٹی سٹوڈنٹس اولمپک گیمز 26 ستمبر سے شروع ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن زیر اہتمام چھٹی سٹوڈنٹس اولمپک گیمز 26 ستمبر سے کراچی میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس ایسوسی ایشن کے صدر مقبول احمد رائیں کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں گیمز کے انتظامات کو آخری شکل دی گئی۔ گیمز میں 14 کھیلوں کے مختلف مقابلے منعقد ہونگے جن میں اتھلیٹکس، آرچری، باسکٹ بال، بیڈمنٹن، تھرو بال، ٹیبل ٹینس، تائیکوانڈو، کرکٹ، روپ اسکیپنگ، جمناسٹک، نیٹ بال، والی بال، فٹ سال اور سکیٹنگ کے مقابلے مختلف مقامات پر کھیلے جائیں گے۔

بقیہ 1

ہیں جس کے بعد تعمیر نو کے مرحلے میں داخل ہوں گے۔ فرانسیسی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیلاب سے 1500 سے زائد اموات ہوئی ہیں، سیلاب کے بعد صحت اور خوراک جیسے بحرانوں کا سامنا ہے، پاکستان کو اس وقت 30 ارب ڈالر امداد کی ضرورت ہے، پڑوسی ملک بھارت ہمیں معاونت کی پیشکش کرنے میں ناکام رہا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت کی فسطائی، اسلاموفوبیا پر مبنی پالیسی کی وجہ سے وہاں مسلمان غیر محفوظ ہیں، بھارت کے ساتھ اس وقت کسی قسم کے رابطے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے کشمیر میں مسلم اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کی کوشش کی، جموں وکشمیر کی جغرافیائی حدود میں تبدیلی اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہے۔ بلاول بھٹو کا کہنا ہے کہ بھارت جموں وکشمیر میں غیر قانونی طور پر قابض ہے، وہاں مسلمانوں سمیت دیگر اقلیتوں پر ظلم ڈھایا جارہا ہے، جموں وکشمیر میں بھارت نے 5 اگست 2019 کو یک طرفہ غیر قانونی قدم اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ آج کا بھارت سیکولر نہیں، جیسا کہ ان کے بانی رہنما چاہتے تھے، بدقسمتی سے آج کا بھارت ایک تبدیل شدہ ملک ہے اس کے ساتھ تعلقات کی ہماری طویل تاریخ ہے، یقین ہے کہ ہم مستقبل میں نوجوان نسل کو ایک دوسرے کے ساتھ امن کے ساتھ رہتا دیکھیں گے۔ وزیر خارجہ نے انٹرویو میں مزید کہا کہ طالبان نے عالمی برادری سے کیے وعدے پورے نہیں کیے، طالبان کی وعدہ خلافی کی وجہ سے ان کی حکومت کو تسلیم نہیں کیا گیا، دکھ ہوا کہ طالبان نے لڑکیوں کو سیکنڈری اسکول جانے کی اجازت نہیں دی۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ایرانی وزیر خارجہ نے نوجوان لڑکی کی ہلاکت کی شفاف تحقیقات کرانے کا کہا ہے، ایرانی وزیر خارجہ پر اعتماد ہے کہ وہ معاملے کی شفاف انکوائری کرائیں گے۔

بقیہ 2

لیگ ن کے سینئر رہنما رانا مشہود کا کہنا تھا تحریک انصاف پاکستان دشمنوں کے ایجنڈے کو لیکر چل رہی ہے، جب کہ شہباز شریف پاکستان کو تنہائیوں سے نکالنے کیلئے کوشاں ہیں۔ رانا مشہود نے دعویٰ کیا کہ پنجاب میں جلد دوبارہ مسلم لیگ ن کی حکومت ہوگی، پنجاب میں تبدیلی کے حوالے سے حکمت عملی مکمل کرلی ہے۔ اس لیے پرویز الٰہی اکیلا سیشن ختم نہیں کر رہے۔ لیگی رہنما نے کہا کہ مونس الٰہی کس حیثیت سے پرویز الٰہی کی کرسی پر بیٹھ کر فیصلے کرتے ہیں۔ رانا مشہود کا کہنا تھا کہ عمران خان نے شہباز شریف کے خلاف الزامات لگائے لیکن کیس میں آج تک ایک پیسہ ثابت نہیں ہوا، زکوٰۃ کے نام پر لیا گیا پیسہ اپنی تشہیر کیلئے استعمال کیا، یہ وہ لوگ ہیں جو غداری کا سرٹیفکیٹ بانٹتے ہیں۔ رانا مشہود نے مزید کہا کہ شہباز گل نے اپنے لیڈر کی طرح شاہد خاقان عباسی پر الزام لگایا، اگر ان میں ثبوت ہیں تو لائیں، ہم شہباز گل کو بھاگنے نہیں دیں گے۔ لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ عمران خان اور اس کے حواریوں نے پاکستان کو تنہا کیا تھا، لیکن ن لیگی قیادت نے دنیا کا رخ واپس پاکستان کی جانب کیا ہے، اور شہباز شریف دنیا اسلام کی آج قیادت کر رہے ہیں، سیلاب متاثرین کے درمیان صرف شہباز شریف نظر آئے۔

بقیہ 3

منظور کرنے کی پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت کے دوران چیف جسٹس نے ایک بار پھر تحریک انصاف کو اسمبلی واپس جانے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوام نے پانچ سال کے لیے منتخب کیا ہے، پی ٹی آئی پارلیمنٹ میں اپنا کردار ادا کرے۔ پارلیمان میں کردار ادا کرنا ہی اصل فریضہ ہے۔ چیف جسٹس نے دوران سماعت ریمارکس دیے کہ کروڑوں لوگ اس وقت سیلاب سے بے گھر ہو چکے ہیں۔ سیلاب متاثرین کے پاس پینے کا پانی ہے نہ کھانے کو روٹی۔ بیرون ملک سے لوگ متاثرین کی مدد کیلئے آرہے ہیں۔ ملکی معاشی حالت بھی دیکھیں۔ پی ٹی آئی کو اندازہ ہے 123 نشستوں پر ضمنی انتخابات کے کیا اخراجات ہوں گے۔ جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ اسپیکر نے قانون کے مطابق جائزہ لے کر فیصلہ دیا ہے۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس نے کہا کہ اسپیکر کے کام میں اس کورٹ کی مداخلت عدالت کے لیے کافی مشکل کام ہے۔ استعفوں کی تصدیق پروسیجرل مسئلہ ہے۔ پارلیمان کا احترام ہمارا فریضہ ہے، جو ہم کر رہے ہیں۔ ممکن ہے ایک ساتھ استعفوں سے تحریک انصاف کو سیاسی فائدہ ہو۔ تحریک انصاف کا پہلا فریضہ پارلیمان میں شمولیت ہے۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے ریمارکس دیے کہ ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری نے استعفوں کے آرڈر پر ہم فیصلہ نہ لیں، ممکن ہے نئے آنے والے اسپیکر اسمبلی تصدیق کرکے اپنی تسلی چاہتے ہوں۔ تحریک انصاف پر ذمہ داری ہے کہ لوگوں کی جلدی مدد کریں۔ دوران سماعت پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چوہدری نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ قاسم سوری نے تحریک انصاف کے استعفے منظور کر لیے تھے۔ استعفے منظور ہو جائیں تو دوبارہ تصدیق نہیں ہو سکتی۔ سپریم کورٹ کے بینچ کی رکن جسٹس عائشہ ملک نے ریمارکس دیے کہ تحریک انصاف بطور جماعت کیسے عدالت آ سکتی ہے؟ استعفیٰ دینا ارکان کا انفرادی عمل ہوتا ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ریاست کے معاملات میں واضح داری اور برداشت سے چلانا پڑتا ہے۔ چیف جسٹس نے پی ٹی آئی کے وکیل کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ جلد بازی نہ کریں۔ سوچنے کا ایک اور موقع دے رہے ہیں، پارٹی سے ہدایات لیں۔ دوران سماعت پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چوہدری نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے کہا کہ کن حلقوں میں انتخابات نہیں ہو سکتے۔ شکور شاد نے کراچی کے حلقے سے استعفے سے انکار نہیں کیا۔ چیف جسٹس نے کہا کیا اسپیکر سے بھی پوچھا ہے کہ استعفوں کی تصدیق کیوں نہیں کر رہے؟ اسپیکر کا اپنا طریقہ کار ہے کہ ہم اس میں مداخلت کر سکتے ہیں؟

بقیہ 4

کاشتکاروں کے آبپاشی سے متعلق مسائل حل کیے جائیں گے۔ اس موقع پر سابق پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ جی ایم سکندر بھی موجود تھے۔

بقیہ 5

میں موقف اختیار کیا کہ وہ 15 دن میں پاکستان آنے کے خواہاں ہیں، اس لیے معزز احتساب عدالت ان کے وارنٹ گرفتاری کو معطل کرے اور درخواست گزار کو اس مقدمہ میں ٹرائل کی اجازت دی جائے۔ نیب کے وکیل نے بھی کہا کہ ارادی اور غیر ارادی طور پر نظر انداز نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کا پاسپورٹ 2018 میں عمران خان کی حکومت نے منسوخ کر دیا تھا، اور تمام سفارت خانوں کو ہدایت جاری کی گئی کہ نیا پاسپورٹ جاری نہ کیا جائے۔ پی ڈی ایم کی حکومت نے حال ہی میں انہیں نیا پاسپورٹ جاری کر دیا ہے، جس کی بنیاد پر وہ سفر کر سکتے ہیں۔

بقیہ 6

اتحادیوں کو حکومت چھوڑنے پر قائل کرنے کی کوشش کی جائیگی۔ ذرائع پی ٹی آئی نے بتایا کہ ان جماعتوں سے رابطے تو پہلے ہی تھے تاہم سیلاب کی وجہ سے ملاقاتیں شروع نہ ہو سکیں لیکن اب آئندہ ہفتے سے ملاقاتوں کا سلسلہ بھی شروع کیا جارہا ہے۔ پی ٹی آئی ذرائع کا کہنا ہے کہ ایم کیو ایم حکومت سے بہت تنگ ہے اور ان سے پی ٹی آئی رہنما عمران اسماعیل پہلے ہی رابطے میں ہیں۔ بلوچستان نیشنل پارٹی اور بلوچستان عوامی پارٹی سمیت حکومت کے دیگر اتحادیوں سے بھی ملاقاتیں کی جائیں گی، جس میں ان جماعتوں کے رہنماؤں کو قائل کیا جائے گا کہ حکومت کو چھوڑ دیں۔ ذرائع کے مطابق ان جماعتوں سے ملاقاتوں کا سلسلہ ایک ماہ قبل شروع ہونا تھا لیکن سیلاب کی صورتحال کے پیش نظر ایسا نہ ہوسکا تاہم اب آئندہ ہفتے سے ملاقاتوں کا آغاز ہوگا۔ اتحادیوں سے ملاقاتوں کے لیے تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے پرویز خٹک کی سربراہی میں چار رکنی ٹیم تشکیل دے رکھی ہے، ٹیم کے ارکان میں اسد عمر، فواد چوہدری اور اسد قیصر شامل ہیں۔

بقیہ 7

مطابق پاکستان کے 26 اضلاع میں ملیریا نے تباہی پھیلا رکھی ہے اور ان 26 اضلاع میں فوری طور پر 71 لاکھ مچھردانیوں کی ضرورت ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ عالمی ادارہ گلوبل فنڈ فوری طور پر بھارت سے مچھردانیاں خرید کر دینے کو تیار ہے، اتنی بڑی تعداد میں مچھردانیاں فوری طور پر بھارت سے خریدی جاسکتی ہیں۔ ملیریا کنٹرول پروگرام کے مطابق اس ماہ سندھ میں ملیریا کے 80 ہزار سے زائد کیسز سامنے آچکے ہیں، 22 فیصد سیزائد کیسز 'پلازموڈیم فالسی فیرم' ٹائپ ہیں جو خطرناک ہے۔ ماہر متعدی امراض ڈاکٹر اسد علی کا کہنا تھا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں ملیریا ٹیسٹنگ کٹس اور ادویات کی شدید قلت ہے اور سندھ کے سیلاب زدہ علاقوں میں ملیریا سے بچے بڑی تعداد میں متاثر ہو رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں ملیریا ٹیسٹنگ کٹس اور اینٹی ملیریل ادویات پہنچائی جائیں، ملیریا کا توشیقی ٹیسٹ کے بغیر علامات کی بنیاد پر فوری علاج شروع کیا جائے۔ ڈاکٹر اسد علی کا کہنا تھا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں ملیریا گائیڈ لائنز ریلیکس کرکے جانیں بچائی جاسکتی ہیں۔

بقیہ 8

بھائی سے فون پر اظہار تعزیت، خاندان سے اظہار ہمدردی کیا۔ صدر مملکت نے شہید کیلئے بلندی درجات، اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی بھی دعا کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ ملک کی حفاظت کیلئے جان کی قربانی پیش کرنے والے شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں، شہداء قوم کا اثاثہ ہیں، وطن کیلئے خدمات اور قربانی پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

مجھے پاکستان کی عدلیہ سے جنگ نہیں لڑنی، مافیاں کے خلاف حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہا ہوں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ مجھے جس سے جنگ نہیں لڑنی، وہ پاکستان کی عدلیہ ہے، مافیاں کے خلاف حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہا ہوں۔ جمعرات کو ہائی کورٹ میں خاتون جج کو دھمکی دینے پر توہین عدالت کیس کی سماعت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ میں مافیاں کے خلاف حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہا ہوں اور مجھے جس سے جنگ نہیں لڑنی، وہ پاکستان کی عدلیہ ہے۔ سماعت سے قبل عدالت پہنچنے پر ایک صحافی نے عمران خان سے سوال کیا کہ کیا آپ عدالت سے معافی مانگیں گے جس پر عمران خان نے کہا دیکھیں گے۔ ایک صحافی نے دوبارہ پوچھا کہ کیا آپ مشروط یا غیر مشروط معافی مانگیں گے، تو عمران خان نے جواب دیا کہ آپ کو پتا چل جائیگا۔ صحافی نے عمران خان سے پوچھا کہ آپ کی عدالتوں سے جان کب چھوٹے گی؟ تو عمران خان نے کہا کہ ابھی تو نہیں چھوٹنے لگی۔

بقیہ 9

کے خلاف حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہا ہوں اور مجھے جس سے جنگ نہیں لڑنی، وہ پاکستان کی عدلیہ ہے۔ سماعت سے قبل عدالت پہنچنے پر ایک صحافی نے عمران خان سے سوال کیا کہ کیا آپ عدالت سے معافی مانگیں گے جس پر عمران خان نے کہا دیکھیں گے۔ ایک صحافی نے دوبارہ پوچھا کہ کیا آپ مشروط یا غیر مشروط معافی مانگیں گے، تو عمران خان نے جواب دیا کہ آپ کو پتا چل جائیگا۔ صحافی نے عمران خان سے پوچھا کہ آپ کی عدالتوں سے جان کب چھوٹے گی؟ تو عمران خان نے کہا کہ ابھی تو نہیں چھوٹنے لگی۔

بقیہ 10

امپورٹڈ گندم کی ترسیل کی تیاریاں شروع کر دیں۔ آئندہ چند روز میں ٹرانسپورٹیشن اور باردانہ خریداری کے ٹینڈر جاری ہوں گے۔ پنجاب نے پہلے 10 لاکھ ٹن مقامی گندم فراہم کرنے کی درخواست کی تھی۔ وفاق کے انکار کے بعد پنجاب نے 5 لاکھ ٹن امپورٹڈ گندم دینے کی نئی درخواست دی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گندم ملنے کے بعد پنجاب میں سرکاری ذخائر مستحکم ہوں گے۔ پنجاب کے پاس 33 لاکھ ٹن گندم موجود ہے جو اپریل تک کیلئے ناکافی ہے۔ وافر گندم سٹاک کی بنیاد پر محکمہ خوراک دسمبر میں ملز کو کوٹہ مزید بڑھا دے گا۔

بقیہ 11

کی حد مقرر کی گئی ہے ابھی تک حکومت نے اس کو پار نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اسمبلی آئیں اور حکومت تبدیل کر دیں، انہیں کون روک رہا ہے، سال 2014 میں بھی کسی کی حکومت خواہش ہوتی ہے کہ اس حد تک نہ جایا جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ حالات کے مطابق گورنر راج بھی ایک آپشن ہے، جس پر غور کیا جا رہا ہے اور اگر ضرورت پڑی تو کوئی فیصلہ بھی کیا جائے گا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور وفاقی وزیر قمر زمان کائرہ نے کہا کہ عدالت نے صرف یہ دیکھنا ہے کہ ماضی میں جو فیصلے آئے ان پر لوگوں کو تحفظات ہیں، توہین عدالت قانون کے خوف سے عزت کرائی جائے گی تو یہ درست نہیں ہوگی، سوشل میڈیا پر قانون سازی کی بات کریں تو میڈیا کی مزاحمت سب سے پہلے ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا پر پابندی نہیں لگانی چاہئے لیکن اس کا غلط استعمال روکنے کی ضرورت ہے۔ آزادی اظہار رائے کا مطلب کسی کو گالی دینا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواجہ سراؤں کی تنظیموں نے اس کے میڈیکل بورڈ کی حمایت کی ہے۔ خواجہ سرا کے لیے یہ کوئی معذوری نہیں ہے ان سے نفرت کرنا نامناسب ہے۔ سینیٹر مشتاق احمد کی ترمیم منظور ہونی چاہیے تاکہ قانون کا غلط استعمال نہ ہو سکے، اس ترمیم سے ٹرانسجینڈر قانون میں بہتری آجائے گی۔

بقیہ 12

کی تباہ کاریوں پر دنیا کی توجہ مرکوز کرانے کا عزم کیا ہے۔ نیشنل فلڈ رسپانس کوآرڈینیشن سینٹر کا دورہ کرتے ہوئے انجلینا جولی نے بدترین تباہی، عوام کی مشکلات اور پاک فوج کے ریلیف آپریشن کی حقیقی منظر کشی پیش کی۔ ہالی ووڈ اداکارہ نے مشکلات میں گھرے عوام کی مدد میں دن رات مصروف پاک فوج سے متاثر ہوتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی امدادی سرگرمی دیکھی تو دیکھا کہ وہ پاک فوج کر رہی ہے۔ انجلینا جولی نے کہا کہ ہر جگہ پاک فوج کو عوام کی مدد کرتے اور زندگیاں بچاتے دیکھا ہے، جن زندگیوں کو بچایا گیا ہے، ان سے یہ بات کی مگر وہ ابھی محفوظ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو تباہی ہوئی ہے، دنیا کو اس کا اندازہ ہی نہیں ہے۔ آنے والے ہفتوں میں بھرپور مدد نہ پہنچی تو بچنے والے بھی نہیں بچ پائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ زندگی وموت کی کشمکش میں مبتلا ان انسانوں میں بے شمار بچے بھی شامل ہیں۔ انہوں نے ایسی تباہی اپنی زندگی میں کہیں بھی نہیں دیکھی۔ متاثرین کو خوراک، شیلٹر اور طبی سہولیات کی ہنگامی ضرورت ہے۔ پاکستان کے اپنے گزشتہ دورے کو یاد کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پہلے جب بھی وہ پاکستان آئیں تو انہوں نے عوام کو افغان عوام کی مہمان نوازی کرتے پایا۔ آج پاکستانی خود بڑی قدرتی آفت کا شکار ہیں۔ انجلینا جولی نے عالمی برادری سے پاکستانی سیلاب متاثرین کی مدد کے لیے ڈومور کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں جو صورتحال ہے دنیا کو اس پر جاگنا چاہیے۔ یہ بہت سارے لوگوں کی زندگی وموت کا مسئلہ ہے۔ اقوام متحدہ کی خصوصی سفیر کا کہنا تھا کہ کلائمنٹ چینج کے کم ذمہ دار ممالک کو تباہی اور اموات کا دوسروں کی نسبت زیادہ سامنا ہے۔ مصیبت کی اس گھڑی میں میرا دل عوام کے ساتھ ہے۔ اس موقع پر انجلینا جولی نے بار بار متاثرین کی مدد کے لیے پاکستان آنے کا عزم دہرایا۔

بقیہ 13

کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 2 مریض کورونا وبا کا شکار بن گئے جب کہ 72 مریضوں کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ این آئی ایچ کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق 24 گھنٹوں میں مجموعی طور پر 13 ہزار 945 افراد کے کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 121 افراد کے نتائج کا بطور کورونا مثبت کیس اندراج کیا گیا۔ قومی ادارہ صحت کا مزید کہنا ہے کہ کورونا وبا کے شکار 72 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے۔ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 0.87 فی صد ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 14

پیغام میں لکھا کہ امریکی صدر جو بائیڈن کا سیلاب زدگان کی حالت اجاگر کرنے اور ردعمل کی اپیل پر شکریہ، سیلاب متاثرہ خواتین اور بچوں کی مدد کیلئے ان کی آواز پر توجہ کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے لکھا کہ پاکستان سیلاب کی تباہ کاریوں کا سامنا کر رہا ہے۔ واضح رہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 77 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر جو بائیڈن نے کہا تھا کہ پاکستان کا بڑا حصہ سیلاب میں ڈوبا ہوا ہے۔ پاکستان کو اس وقت دنیا کی مدد کی ضرورت ہے۔

بقیہ 16

نمٹنے کیلئے ٹھوس تجاویز کا خاکہ پیش کریں گے۔ دفتر خارجہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف عالمی رہنماؤں کو مسئلہ کشمیر سمیت تشویش کے علاقائی اور عالمی مسائل پر پاکستان کے موقف اور نقطہ نظر سے آگاہ کریں گے۔

بقیہ 17

آرٹیکل 54 ایک کے تحت طلب کیا گیا ہے۔

بقیہ 18

ہفتوں میں دوبارہ وزیراعظم بن جائیں گے۔ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ حکومت آتے ہی تیزی سے مہنگائی بڑھی، جس کی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ فیصل جاوید خان نے کہا کہ تبدیلی نہیں اب انقلاب آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی آواز اور حق کی آواز لوگوں تک پہنچائی ہے، عوام کو درپیش مسائل کو اجاگر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈالر کی قیمت کہاں تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بہت برے حالات ہیں، امپورٹڈ حکومت نے خود کو ریلیف اور عوام کو مشکل میں ڈال دیا، لوگ عمران خان کی کال نہیں بلکہ مس کال کے انتظار میں ہیں

بقیہ 19

پہلے فرانس کے متعلق کیا موقف تھا اور اب کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کی فرانس کے صدر سے ملاقات پر مولانا فضل الرحمٰن خاموش ہیں، یہ لوگ اقتدار کیلئے کچھ بھی کر سکتے ہیں۔ سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ عدالتوں پر اعتماد ہے ہمیں انصاف ملے گا۔

بقیہ 20

کے نگران ادارے نے کہا کہ وہ ایسے کیسز سے بھی دور رہے گا جن میں 100 سے کم لوگوں متاثر ہوئے یا انہیں نشانہ بنایا گیا۔ نیب ہیڈکوارٹر کی طرف سے جاری کردہ سرکاری پریس ریلیز میں کہا گیا کہ اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ نئے نافذ کردہ قانون کو مکمل طور پر لاگو کیا جائے گا، 50 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم یا کم از کم 100 متاثرہ افراد کے لیے بدعنوانی سے متعلق کیسز کا نوٹس لیا جائے گا۔ احتساب عدالتوں کی جانب سے نئے قانون میں ترمیم کے نتیجے میں دائرہ اختیار نہ ہونے کی وجہ سے واپس بھیجے گئے مقدمات کے حوالے سے بیان میں کہا گیا کہ ان مقدمات کو اینٹی کرپشن کورٹس سمیت متعلقہ فورمز کو بھیجا جائے گا تاہم نجی افراد کی شکایات پر مبنی ریفرنس دائرہ اختیار کے مطابق قانون کے مطابق کارروائی کے لیے شکایت کنندگان کو واپس کر دیے جائیں گے۔ احتساب عدالتوں نے ترمیم شدہ قانون سازی اور اسے مجاز دائرہ اختیار کی عدالت کے سامنے رکھنے کی ہدایت کے ساتھ حال ہی میں وزیراعظم شہباز شریف اور ان کے صاحبزادے حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر ملز، سابق وزرائے اعظم یوسف رضا گیلانی کے خلاف یو ایس ایف اور راجا پرویز اشرف کے خلاف رینٹل پاور پراجیکٹس کے ریفرنس سمیت متعدد ریفرنسز چیئرمین نیب کو واپس بھیجے ہیں۔ 3 اگست کو قومی اسمبلی نے ایک قانون پاس کیا جس میں نیب کے اختیارات کو مزید کم کر دیا گیا ہے اور اس کے تحت 50 کروڑ روپے سے کم کے تمام کیس اس کے دائرہ کار میں نہیں آئیں گے۔

بقیہ 21

چیئرمین عمران خان کے خلاف توہین عدالت پر فرد جرم عائد کرنے کیلئے سماعت کے دوران عمران خان نے معافی مانگتے ہوئے کہا ہے کہ میں خاتون جج کے پاس جا کر معافی مانگنے کے لیے تیار ہوں۔ جمعرات کو خاتون جج کو دھمکی دینے سے متعلق توہین عدالت کیس کی سماعت اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ کی سربراہی میں جسٹس محسن اختر کیانی، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب، جسٹس طارق محمود جہانگیری اور جسٹس بابر ستار پر مشتمل 5 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہوئے۔ سماعت کا آغاز کرتے ہوئے چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ہم صرف چارج پڑھیں گے۔

بقیہ 22

کے عمل میں شبانہ روز مصروف ہیں۔ پاک فضائیہ کے فیلڈ میڈیکل کیمپوں میں سیلاب متاثرین کو مفت ادویات اور طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاک فضائیہ نے ضرورت مند خاندانوں میں 17960 پکے ہوئے کھانے کے پیکٹ، 250 پانی کی بوتلیں اور 1730 خشک راشن کے پیکٹ تقسیم کیئے۔ مزید برآں پاک فضائیہ کی میڈیکل ٹیموں نے 1407 مریضوں کا طبی معائنہ بھی کیا۔

بقیہ 23

کورٹ میں دائر کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 123 ارکان قومی اسمبلی کے استعفوں کی منظوری کے کیس میں فیصل چوہدری نے متفرق درخواست دائر کی ہے جس میں سپریم کورٹ آف پاکستان سے 16 اکتوبر کو 8 حلقوں میں شیڈول الیکشن معطل کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ تحریک انصاف کے 123 ارکان قومی اسمبلی کے استعفوں سے متعلق اپیل عدالت عظمیٰ میں زیر التوائے جس پر فیصلہ ہونے تک الیکشن شیڈول معطل کیا جائے۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی نے اپنے ارکان قومی اسمبلی کے استعفوں کی مرحلہ وار منظوری کے عمل اور ہائیکورٹ کے فیصلے کو سپریم کورٹ آف پاکستان میں چیلنج کر رکھا ہے۔ درخواست میں اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دینے اور اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی جانب سے استعفوں کی مرحلہ وار منظوری کو غیر قانونی اور غیر آئینی قرار دینے کی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ پی ٹی آئی نے عوام سے تازہ مینڈیٹ لینے کیلئے قومی اسمبلی سے مستعفی ہونے کا فیصلہ کیا اور سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری نے اسمبلی فلور پر 125 ارکان کے استعفے منظور کرنے کا اعلان کیا۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے استعفے منظور کر کے اصول وضوابط کی خلاف ورزی کی ہے لہٰذا عدالت سے استدعا ہے کہ استعفوں کی مرحلہ وار منظوری کو غیر قانونی اور غیر آئینی قرار دیا جائے۔

بقیہ 24

کے لیے اپنے عوام پر ڈرون سے آنسو گیس کے گولے ماریں گے۔ سابق وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ دنیا باتیں کر رہی ہے، امداد نہیں دے رہی۔ بند گلی میں جانا ہے یا الیکشن کرانا ہے، فیصلہ جلد ہو جائیگا۔ مزید 2 کروڑ لوگ خط غربت کی لکیر سے نیچے جا چکے ہیں۔ پیٹرول پر 2 ارب روزانہ غریب کی جیب سے خزانے میں جا رہا ہے۔ پہلے خزانے پر ڈاکا مارتے تھے اب غریب کی جیب پر ڈاکا مار رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی الٹی گنتی شروع ہو گئی ہے۔ فرانس سے بغل گیر ہونا اور اسرائیل میں وفد بھیجنا سوالیہ نشان ہے۔

بقیہ 25

کریں؟ کے جواب میں کہی۔ صحافی نے عمران خان سے سوال کیا کہ خان صاحب معافی مانگیں گے یا خود کو عدالت کے رحم وکرم پر چھوڑیں گے؟ عمران خان نے جواب دیا کہ یہ آپ کو پتہ چل جائے گا۔ صحافی نے سوال کیا کہ عدالتوں سے آپ کی جان کب چھوٹے گی؟ عمران خان نے جواب دیا کہ ابھی نہیں چھوٹنے لگی۔ صحافی مطیع اللہ جان نے عمران خان سے سوال کیا کہ کیا آپ معافی مانگ کر زیادہ خطرناک ہو جائیں گے؟ عمران خان نے جواب دیا کہ تمہیں ان چیزوں کا زیادہ علم ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ خان صاحب! کیا آپ اب بھی کسی کے لاڈلے ہیں؟ جواب میں عمران خان مسکرا کر آگے بڑھ گئے۔

بقیہ 26

ریمارکس اپ لوڈ کرنے میں ملوث ہیں اور یہ سب کچھ فوج کو بدنام کرنے کے لیئے ایک سازش کے تحت ہو رہا ہے پاک فوج کے خلاف منظم مہم میں تحریک انصاف سے وابستہ افراد ہی شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی 3 اورنگی ٹاؤن میں کارکنان سے ملاقاتوں کے دوران کیا۔ جمیل ضیانے کہا کہ یہ پاکستان تحریک انصاف کے لیئے سوچنے کا مقام ہے کہ آخر ایسا کیوں ہے کہ اب تک پاک فوج کے خلاف جاری مہم میں زیادہ تر پی ٹی آئی سے وابستہ افراد ہی نکلے، عمران خان ایک بین الاقوامی ایجنٹ ہے جو اقتدار کے لیئے کچھ بھی کر سکتے ہیں، عمران خان کے پیچھے کون ہے ملک میں آئین کی بالادستی یقینی بنانا ہوگی فوج قومی ادارہ ہے اس کے خلاف ہرزہ سرائی کو برداشت نہیں کیا جا سکتا، عمران خان کی جانب سے فوج کے خلاف منفی پروپیگنڈا ملکی سلامتی کے خلاف زہر قاتل ہے عمران خان نے جو مہم چلائی ہے وہ پاکستان کی سلامتی کے لیئے خطرناک ہے، فوج اور عدلیہ کے خلاف بیان دینے والے ملک دشمن ہیں، پاک فوج وطن عزیز کی محافظ ہے اور ساتھ ہی سماجی اور اقتصادی شعبہ میں اپنا مثبت کردار ادا کر رہی ہے، انہوں نے کہا کہ پاک فوج دنیا کی بہادر فورس ہے اور پوری پاکستانی قوم پاک فوج کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے، ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر اور پوری قوم کا فخر ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمارے بہادر سپوتوں کے جذبہ حب الوطنی، پیشہ وارانہ مہارت اور لازوال قربانیوں کی وجہ سے ہمارے وطن عزیز کی طرف کسی کو میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرات نہیں، ہمارے آرام وسکون کے لیئے اپنی نیندیں قربان کرنے والے بہادر سپاہی بلاشبہ قابل فخر ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر اور پوری قوم کا فخر ہیں، پی ٹی آئی کو پاک فوج کے خلاف غلط باتیں پھیلانے سے گریز کرنا چاہیے اور اپنی گندی سیاست میں پاک فوج کا نام نہ لیں اور اپنے گری ہوئی حرکتوں سے باز آجائیں۔

بقیہ 27

23 ستمبر صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک چک دولت، پکھوال، نیو وحید آباد، برما فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 10:00 بجے تک جاپان روڈ، بی ڈبلیو او، ریور گارڈن، سوان گارڈن-II فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 28

اپنے ہیروز کو زندہ رکھنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے، ایوان اقبال میں تمام کام جذبے کے تحت ہو رہا ہے، ہمیں متحد ہو کر اپنی صلاحیتوں کے مطابق ایسے اداروں کے لیے کام کرنا چاہیے جو اپنے قومی ورثہ اور ہیروز کو زندہ رکھنے کیلئے اہم کردار ادا کر رہے ہیں، ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ ایسے اداروں کی حوصلہ افزائی کریں جو اپنی ثقافت کو فروغ دینے کیلئے کام کرتے ہیں، سب کو مل جل کر اس میں اپنا حصہ ڈالنا چاہیے کیونکہ کوئی بھی انسان عقل کل نہیں ہوتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز یہاں ایوان اقبال میں نیشنل سٹینڈنگ کمیٹی برائے تعلیم وقومی ورثہ، ثقافت کے اجلاس سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ ہماری اتحادی حکومت ایوان اقبال جیسے اداروں میں مزید بہتری لانے کے لیے بھرپور کوشش کر رہی ہے، علامہ اقبال دنیا میں پاکستان کی پہچان ہیں، ہمیں اپنے ہیروز کو زندہ رکھنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی ہے، ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ ایسے اداروں کی حوصلہ افزائی کریں جو اپنی ثقافت کو فروغ دینے کیلئے کام کرتے ہیں کیونکہ کوئی بھی انسان عقل کل نہیں ہوتا، سب کو مل جل کر اس کے لیے اپنا حصہ ڈالنا چاہیے۔ امیر مقام نے کہا کہ اس ادارے میں ابھی بھی کام کرنے کی بہت گنجائش موجود ہے جس کے لیے ہمیں شاعروں، ادیبوں اور دانشوروں کو شامل کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان اقبال کی مزید بہتری کے لیے جو بھی تجاویز دی گئی ہیں ان کو پارلیمنٹ میں زیر بحث لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس ادارے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، میری بھی خواہش ہے کہ میں اس ادارے کے لیے کام کروں، ایوان اقبال میں جو لوگ کام کر رہے ہیں وہ کسی شوق یا جذبے کے بغیر ممکن نہیں۔ امیر مقام نے کہا کہ علامہ اقبال نے پوری دنیا کو فکر اور فلسفہ کی تعلیم دی، اس کو فروغ دینے کیلئے پاکستان کے ہر شہری کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ پاکستانی ثقافت اور ہیروز کے متعلق جاننے کیلئے پوری دنیا کو مواقع فراہم کریں تاکہ پاکستان کا مثبت پہلو اجاگر ہو سکے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ یہ ملک آئین اور قانون کے مطابق چل رہا ہے تاہم عمران خان کی خواہش پر نہیں چل سکتا، جو ممبران عمران خان کے ساتھ ہوں وہ ٹھیک ہیں اگر وہی ممبران اس کو چھوڑ کر کسی اور پارٹی میں چلے جائیں تو وہ چور اور ڈاکو بن جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو عوامی رائے کا احترام کرنا چاہیے، عمران خان جہاں بھی جاتے ہیں پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کرتے ہیں، توشہ خانہ اور فارن فنڈنگ کیس میں ان کا اور ان کی فیملی کا نام ہے، ہم چاہتے ہیں کہ اس کیس کا فیصلہ آئین اور قانون کے مطابق ہو۔ ایک اور سوال کے جواب میں امیر مقام نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف سیلابی علاقوں کا دورہ کر کے مصیبت زدہ لوگوں کے مسائل کو کم کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں جبکہ عمران خان کا ایجنڈا ملک کی بہتری کے لیے نہیں ہے، وہ پاکستان کے تمام اداروں کے خلاف بول رہے ہیں، پنجاب، کے پی کے، بلوچستان اور سندھ میں لوگ سیلاب سے پریشان ہیں لیکن عمران خان کو صرف اپنی سیاست چمکانے کی فکر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان اقبال کے لیے کام کرنے والوں کو میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں

بقیہ 29

ملک، محمد حکیم، وقات علی اور قیم خان شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نامعلوم مقام پر مسلح افراد نے ہم سے سوال پوچھنا شروع کر دیے، انہوں نے بتایا کہ محمد اصغر ملک، عبدالحکیم، وقات علی اور قیوم خان سمیت 5 افراد کو رہا کر دیا گیا جبکہ یوسف شاہ اور محمد خالق کو اغوا کاروں نے اپنے ساتھ رکھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ انتہا پسندوں نے مزید 2 ساتھیوں کی رہائی کیلئے ایک کروڑ روپے تاوان کا مطالبہ کیا تھا، انہوں نے بتایا کہ مجھے معلوم ہوا کہ مزید 2 لوگوں کو بھی رہا کر دیا گیا، میں نے انہیں کال کرنے کی کوشش کی لیکن ان کے موبائل فون بند تھے۔ ایک ٹھیکیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ برتھانہ کے علاقے کے قریب جانہ پہاڑوں پر وہ موبائل فون ٹاور کا جائزہ لے رہے تھے، انہوں نے کہا کہ 13 ستمبر کو میں ٹاور کی تنصیب کیلئے وہاں ضروری سامان لینے گیا تھا، جب میں ٹاور پہنچا تو مقامی لوگوں سے معلوم ہوا کہ 7 مزدوروں کو عسکریت پسندوں نے اغوا کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی طور پر عسکریت پسند ایک کروڑ روپے کا مطالبہ کر رہے تھے تاہم تمام مغوی افراد کو بغیر کسی تاوان کے رہا کر دیا گیا۔ یاد رہے حال ہی میں سوات کے کئی بزرگ شہری اور منتخب نمائندوں سمیت سینکڑوں لوگوں نے شکایت کی تھی کہ مغوی افراد کی رہائی کے بدلے بھاری رقم ادا کرنے کے لیے عسکریت پسندوں کی جانب سے ٹیلی فون کال اور پیغامات موصول ہوئے۔ چپڑیال پولیس اسٹیشن کے ایس ایچ او محمد زیب خان نے مزید 2 افراد کی رہائی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ پولیس نے تعزیرات پاکستان کے انسداد دہشت گردی ایکٹ کی دفعہ 7 کے تحت ایف آئی آر درج کر کے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ 30

پاکستان میں دیے گئے بنیادی حقوق سے متصادم ہے۔ تنقید اور اظہار رائے کو دبانے کے لیے بغاوت کے مقدمات کا سہارا لیا جاتا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما کی درخواست میں بغاوت کے مقدمات کا اندراج روکنے اور بغاوت کے مقدمات پر حکم امتناع جاری کرنے کی بھی استدعا کی گئی ہے۔ درخواست میں اسلام آباد سمیت چاروں صوبوں کے آئی جی پولیس اور چیف سیکرٹری کو فریق بنایا گیا۔

بقیہ 31

حکومت نے سیلاب زدہ علاقوں میں بحالی کا پلان بنا لیا ہے۔ سیلاب سے متاثرہ نہروں کو ہنگامی بنیادوں پر بحال کیا جائے گا۔ سڑکوں، سکولوں، پلوں اور دیگر متاثرہ انفراسٹرکچر کو بھی تیزی سے بحال کیا جائے گا۔ میاں اسلم اقبال نے کہا کہ پنجاب حکومت مشکل کی اس گھڑی میں سیلاب متاثرہ بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ آخری سیلاب متاثرہ کی بحالی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ جنوبی پنجاب میں ترقیاتی سکیموں پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے۔

بقیہ 32

ایک بڑی تعداد نے ویبنار میں شرکت کی۔ پاکستان غذائی مصنوعات خصوصاً چاول، سمندری غذا، خشک میوہ جات، چلغوزے، پھل، گلابی نمک اور پراسیسڈ فوڈ کی برآمد کا ایک بڑا ذریعہ بن گیا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چینی حکام نے شرکاء کو چین کے اہم اقتصادی اشاریوں پر بریفنگ دی۔ چین کے قومی ادارہ برائے شماریات (NBSC) کے مطابق چین کی اشیا کی برآمدات کا حجم 3.36 ٹریلین ڈالر ہے جبکہ چین کی اشیا کی درآمدات کا حجم 2.69 ٹریلین ڈالر ہے۔ پاکستان کی چین کو برآمدات وقت کے ساتھ ساتھ 2016 میں برآمدات کا حجم 1.91 بلین ڈالر، 2017 میں 1.83 بلین ڈالر، 2018 میں 2.18 بلین ڈالر، 2019 میں 1.81 بلین ڈالر، 2020 میں 2.12 بلین ڈالر اور 2021 میں 3.589 بلین ڈالر تھا۔ سی سی آئی جی کے ماہرین میں سے ایک نے کہا اس سال پاکستان کی برآمدات کا حجم 4 بلین ڈالر تک بڑھ سکتا ہے اور کھانے کی مصنوعات میں جگہ دستیاب ہے۔ چائنا جنرل ایڈمنسٹریشن آف کسٹمز کے اعداد وشمار کے مطابق 2021 میں پاکستان کی چین کو خوراک کی برآمدات کی مالیت 840 ملین ڈالر تھی۔ ان میں سے 609 ملین ڈالر سبزیوں کی مصنوعات، 179 ملین ڈالر جانوروں کی مصنوعات جبکہ تیار شدہ کھانے پینے کی اشیاء کی مالیت 52 ملین ڈالر تھی۔ اسی طرح 2021 میں پاکستان سے چین کو چلغوزے اور خشک خوراک کی برآمد کی مالیت 65 ملین ڈالر تھی۔ 2021 میں پاکستان سے چین میں پروسیسڈ سمندری خوراک کی برآمدات 8.4 ملین ڈالر تھیں جبکہ اسی سال کے دوران برآمد کیے گئے آم کی مالیت 127 ملین ڈالر تھی۔ گوادر پرو کے مطابق چین کی چاول کی درآمدات 2.2 بلین ڈالر، سمندری غذا 13.8 بلین ڈالر، چلغوزے اور خشک میوہ جات 2.2 بلین ڈالر جبکہ تل کے بیج کی درآمدات 1.7 بلین ڈالر ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستانی برآمد کنندگان ان مصنوعات کی درآمدات میں بڑا حصہ حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم انہیں چینی کنزیومر مارکیٹ کی عمومی خصوصیات کو جاننے کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر فی کس آمدنی اور صارفین کے اخراجات میں اضافے کی وجہ سے چین صحت اور فٹنس کے بارے میں شعور رکھنے والے صارفین کے ساتھ ایک اعلیٰ آمدنی والا ملک بننے کے قریب ہے۔ وہ معیاری اور درآمدشدہ کھانے پر پیسہ خرچ کر رہے ہیں جبکہ آن لائن خریداری تیزی سے مقبول طریقہ بنتا جا رہا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چین کی مارکیٹ میں زیادہ سے زیادہ جگہ بنانے کے لیے پاکستانی برآمد کنندگان کو درآمدی اصولوں پر عمل کرنا چاہیے۔ انہیں ایک برانڈ تیار کرنا چاہیے اور چینی زبان میں ایک ویب سائٹ بنانی چاہیے، اپنی مصنوعات کی خصوصیات پر زور دینا چاہیے، پرکشش اور آسان پیکجنگ تیار کرنی چاہیے، علی بابا اور جے ڈی جیسے ای کامرس پلیٹ فارمز کا استعمال کرنا چاہیے، اور لائیو سٹریمنگ اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے اپنی مصنوعات کی تشہیر کرنی چاہیے۔

بقیہ 33

مقامی پارٹنرز۔ انسٹی ٹیوٹ آف زورل مینجمنٹ (IRM) اور Ignite کے ذریعے 15,000 اسکالرشپس پیش کر کے ایک مساوی اور جامع ڈیجیٹل معیشت کو فعال کرنے کے اپنے عزم کو بھی تقویت دی ہے، جس میں تعلیمی اداروں، انڈسٹری پارٹنرز اور غیر منفعتی تنظیمیں شامل ہیں۔ الفابیٹا (Alpha Beta) کی ایک رپورٹ کے مطابق، اگر مکمل طور پر فائدہ اٹھایا جائے تو ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز سنہ 2030 تک، پاکستان میں، 9.7 کھرب پاکستانی روپے (59.7 ارب امریکی ڈالرز) سالانہ کی معیشت پیدا کر سکتی ہیں۔ پاکستان کے ICT سیکٹر نے گزشتہ دہائی میں قابل ذکر ترقی کی ہے جس سے سالانہ محاصل میں اوسطاً 20-30 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ حال ہی میں ICT سے تعلق رکھنے والی برآمدات میں 5 ارب امریکی ڈالرز کا اضافہ ہوا ہے اور وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کا خیال ہے کہ "اس شعبے میں (ملک کی) سب سے بڑی برآمدی صنعت بننے کی گنجائش موجود ہے۔" اس وقت پاکستان کی تقریباً 4.7 فیصد افرادی قوت ICT کے شعبے میں کام کر رہی ہے جس میں سے 6 فیصد یعنی کم وبیش 2 لاکھ کارکن خواتین ہیں۔ پاکستان کے ممتاز جاب پورٹل، rozee.pk پر دستیاب اعداد وشمار کے مطابق، سب سے زیادہ اسامیاں بھی ICT کے شعبے میں پائی جاتی ہیں۔ اس بارے میں گوگل کے ریجنل ڈائریکٹر برائے پاکستان، بنگلہ دیش اور سری لنکا، فرحان قریشی نے کہا: "آج، ہمیں Grow with Google پروگرام کے ذریعے گوگل کیریئر سرٹیفکیٹس کا اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف زورل مینجمنٹ اور Ignite کے ساتھ شراکت میں ہم 15,000 اسکالرشپس بھی پیش کر رہے ہیں تاکہ سیکھنے والے کسی خرچ کے بغیر سرٹیفکیٹس حاصل کر سکیں۔ یہ کوشش گوگل کے اس عزم کا اظہار ہے جس کے تحت گوگل ملکی ڈیجیٹل ایکو سسٹم کی ترقی یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرنا چاہتا ہے۔ یہ سرٹیفکیشن پروگرام نئے مواقع فراہم کرے گا اور ڈویلپرز، اسٹوڈنٹس، اساتذہ، روزگار تلاش کرنے والوں اور کاروباری اداروں کو موقع فراہم کرے گا کہ وہ نہایت تیزی سے ترقی کر سکیں۔ اس کے لیے سرکاری اور نجی شعبوں میں شراکتیں بھی قائم کی گئیں ہیں کیوں کہ ہم پاکستان کی ڈیجیٹل انڈسٹری کو ترقی دینا چاہتے ہیں۔"

بقیہ 34

ہی منہاج ویلفیئر کے تعاون سے لاہور سے ڈاکٹرز کی ٹیم میڈیکل کیمپ بھی شروع کرے گی

بقیہ 35

گرام چرس، آرائے بازار پولیس نے ملزم دانش رضا سے 260 گرام چرس، گوجر خان پولیس نے ملزم نزاکت سے 340 گرام چرس، سٹی پولیس نے ملزم ریحان سے 06 لیٹر شراب، راشد سے 10 لیٹر شراب، جبکہ ریس کورس پولیس نے ملزم حمزہ شہزاد سے 10 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز نے کہا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 36

ملزم طلحہ کو گرفتار کر کے ملزم سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، گوجر خان پولیس نے ملزم عتیق الرحمٰن کو گرفتار کر کے ملزم سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کیا، جبکہ مندرہ پولیس نے ملزم اجمیر کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 37

نے عمران نیازی کے اشاروں پر انصاف کا قتل عام کیا۔ انہوں نے کہا کہ احسن اقبال کی باعزت رہائی سے نیب کی انجینئرنگ بے نقاب ہو گئی اب انصاف کا تقاضا ہے کہ جتنی مدت احسن اقبال نے بیگناہی میں قید کاٹی اتنی ہی مدت کیلئے سابق چیئرمین نیب کو بھی جیل میں ڈالا جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی انصاف کے نام پر کسی بے گناہ کو مہینوں جیل میں نہ ڈال سکے۔

بقیہ 38

کافی عرصہ جاری وارداتوں یکدم ٹھہراؤ آیا تھا تاہم ایک بار پھر چور بے لگام ہو گے گزشتہ کافی ٹائم سے جاری وارداتوں میں مقدمات درج ہو رہے ہیں تاہم پولیس کو کسی قسم کی کوئی کامیابی نہ ملی اور نہ کوئی گینگ گرفتار ہو سکا اور نہ ہی لوگوں کی قیمتی اشیاء زیورات اور نقدی کی ریکوری ہو سکی جو کہ پولیس کی بے بسی کا منہ بولتا سوال ہے اور سرکل کی پولیس کی کارکردگی پر ایک سوالیہ نشان بنا ہوا ہے آخر کار کیا یہ چور چھلاوا ہیں جو پولیس کی گرفت میں نہیں آ رہے اور دھڑلے سے وارداتیں جاری رکھی ہوئی ہیں حالیہ کچھ عرصے سرکل گوجر خان میں کرائم شرح میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے جو باعث تشویش ہے بڑھتی وارداتوں کے پیش نظر شہری خود کو عدم تحفظ کا شکار سمجھ رہے ہیں عوامی سماجی حلقوں نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے اور کہا کہ انکے جان مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور جلد از جلد ان چوروں ڈاکوؤں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

بقیہ 39

لوگوں کو الاٹ کی گئی جو میونسپل کمیٹی کے عملہ سے ملی بھگت کر کے خزانہ سرکار میں ماہانہ کرایہ جمع نہیں کروا رہے تھے جس کی انکوائری ظہیر احمد اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن بھکر نے کی تو انکشاف ہوا کہ کرایہ داران کے ذمہ کرایہ کی بھاری رقوم واجب الادا ہیں جس پر محکمہ اینٹی کرپشن نے میونسپل کمیٹی بھکر کے نادہندگان کرایہ داروں سے 37 لاکھ 54 ہزار 8 سو 31 روپے ریکور کر کے خزانہ سرکار میں جمع کروا دیئے اور دیگر نادہندگان کے خلاف کارروائی تیز کر دی۔

بقیہ 40

موبائل لیب سے موقع پر معائنہ کیا گیا، دودھ کے نمونوں میں پانی اور کیمیکلز کی ملاوٹ پائی گئی، تلف کیا جانیوالا دودھ جڑواں شہروں میں مختلف مقامات پر سپلائی کیا جانا تھا۔ فوڈ اتھارٹی کے مطابق مضر صحت دودھ سپلائی کرنے پر 5 سپلائرز کو جرمانے کیے گئے۔

بقیہ 41

ڈی ایس پی لیگل، سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر فائزہ اور تفتیشی افسران نے شرکت کی، ورکشاپ میں سینئر میڈیکل آفیسر نے تفتیشی افسران کو زیادتی کیسز میں شواہد اکٹھے کرنے، نمونہ لینے، پارسل کی تیاری، سمپل لینے سمیت دیگر امور پر لیکچر دیا۔ تفصیلات کے مطابق۔ سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال راولپنڈی کے تعاون سے تفتیشی افسران کے لیے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، ورکشاپ میں ڈی ایس پی لیگل، سینئر میڈیکل آفیسر کنسلٹنٹ گائنا کالوجسٹ ڈاکٹر فائزہ اور تفتیشی افسران نے شرکت کی، ورکشاپ میں 41 تفتیشی افسران کو زیادتی کیسز میں شواہد اکھٹے کرنے، نمونہ لینے، پارسل کی تیاری، سمپل لینے سمیت دیگر امور پر لیکچر دیا۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن کیپٹن (ر) عامر خان نیازی نے کہا کہ تربیتی ورکشاپس کا مقصد تفتیشی کی استعداد کار میں اضافہ، تفتیش کے معیار کو بہتر بنانا اور تفتیشی کے دوران آنے والے نقائص کو دور کرنا ہے۔

بقیہ 42

کرتے ہوئے [illegible] احسان، عمر بلال، [illegible] جابر اور ثاقب کو گرفتار کیا، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 10 ہزار 500 روپے، 08 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد ہوئے جبکہ پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 3 ملزمان جاوید، غلام اکبر اور گلزار کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 7 ہزار 400 روپے، 02 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے کہا کہ قمار بازی دیگر برائیوں کی جڑ ہے، ایسے جرائم میں ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 43

ہونے کے معاملے پر مدعی مقدمہ کی طرف سے دولتالہ کے ایک معروف نجی تعلیمی ادارے کے مالک پر لڑکیوں کو ورغلا پھسلا کر اغواء کرنے کے شبہ میں ایف آئی آر درج ایف آئی آر میں نامزد نجی سکول مالک بعد از گرفتاری جوڈیشل ریمانڈ پر بھیج دیا گیا مدعی مقدمہ خورشید سکنہ میانہ موہڑہ نے پولیس کو درخواست دیتے ہوئے بتایا کہ اسکی بیٹی اور بھانجی 13 ستمبر کو بوقت دن ڈیڑھ بجے گھر سے کپڑوں کی سلائی کرنے کے لیے جانے کا کہہ کر نکلی اور گھر واپس نہ آئیں بعد از دریافت پتا چلا کہ گھر سے 1 لاکھ روپے نقدی رقم لیکر گھر سے نکلی ہیں میں نے بیٹی کا رشتہ اپنے بھانجے کو دیا تھا اور شادی کی تیاریاں کر رہے تھے میری بیٹی اس رشتے سے ناخوش تھی اور گھر میں بھی اس نے کہا تھا کہ وہ گھر چھوڑ کر چلی جائے گی یا دارالامان چلی جائے گی ہم نے اپنے طور پر انکی تلاش جاری رکھی اور بے عزتی کے ڈر سے اس معاملے کو سامنے نہ لایا گیا بعد از معلومات کرنے پر پتا چلا کہ وہ ونگز کالج دولتالہ کے پرنسپل امجد شاہ جو کہ کالج کے مالک بھی ہیں اور گزشتہ کئی سالوں سے کالج بھی چلا رہے ہیں بچیاں انکے ساتھ رابطے میں تھیں قوی شک ہے کہ اسی نے ہی ان کو ورغلا پھسلا کر غائب کروایا ہے پولیس تھانہ جاتلی نے ونگز کالج کے پرنسپل مالک امجد شاہ کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا اور وہ اس وقت جوڈیشل ریمانڈ پر ہیں پولیس کالج کے پرنسپل سے تفتیش کر رہی ہے تاحال بچیوں کا ابھی کوئی پتا نہیں ہے کہ وہ کہاں ہیں دونوں بچیوں نے اسی کالج سے تعلیم حاصل کی ایک نے بی ایس اور دوسری نے انٹرتک اسی نجی کالج سے تعلیم حاصل کی مدعی مقدمہ نے پولیس احکام سے اپیل کی ہے کہ انکی بچیوں کو جلد از جلد بازیاب کروایا جائے۔

بقیہ 44

ساتھ قابل مذمت سلوک کیا، ان کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ 45

قوم کے بچوں کا یہی حشر ہوگا یہاں کوئی پوچھنے والا نہیں جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔ اساتذہ سے سکول کے رزلٹ کا نہیں بلکہ پولن سٹیشن کے رزلٹ کا پوچھا جائے کہ اپنے لیڈر کو کتنے ووٹ دلوائے ہیں۔ اگر انھوں نے سیاست ہی کرنی ہے اور سودے بازی کرنی ہے تو گھر بیٹھ کر کریں ہمارے بچوں کا مستقبل خراب مت کریں۔ یہ رزلٹ والدین اور اساتذہ دونوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے...

بقیہ 46

دوطرفہ تعلقات کے تمام شعبوں کا احاطہ کیا گیا جس میں سیاسی، اقتصادی اور تجارتی، ثقافت، دفاع اور عوام سے عوام کے رابطوں سے متعلق امور شامل ہیں۔

بقیہ 47

بینک آف پاکستان مسلسل یہ دعویٰ کر رہا ہے کہ مشینری اور خام مال درآمد کرنے پر کوئی پابندی عائد نہیں لیکن اس کے برعکس اسٹیٹ بینک کی ہدایات پر بینکوں کی جانب سے عمل درآمد نہیں کیا جارہا لہٰذا مرکزی بینک اس کا نوٹس لے اور بلا تاخیر ایل سیز کھولنے کو یقینی بنائے۔ اسماعیل ستار نے ایک بیان میں کہا کہ صنعتی استعمال کے لیے درآمد کی جانے والی مشینری اور صنعتی خام مال کے لیے ایل سی نہ کھولنے کے سلسلے میں ممبر ایسوسی ایشنز اور تاجر برادری کی جانب سے متعدد شکایات موصول ہوئی ہیں۔ ایل سی کھولنے میں تاخیر کی وجہ سے فوڈ، فارماسیوٹیکل، اسٹیل، آٹوموبائلز، ٹیلی کام، ہوم اپلائنسز وغیرہ کو منفی نتائج کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

بقیہ 48

کی تعمیراتی سامان کی لاگت 50 ہزار سے ایک لاکھ روپے تک آئے گی اور رہن سہن میں بھی کوئی تبدیلی نہیں آئے گا۔ گھروں کی خاص بات ہے یہ ہے اگر پانی کے بہاؤ سے نقصان پہنچنے یا بہہ جانے کا اندیشہ ہو تو کم وزن ہونے کی وجہ سے انہیں با آسانی اسے کسی دوسری جگہ منتقل بھی کیا جاسکے گا اور اپنا سامان بھی اس میں محفوظ کیا جا سکے گا، حالیہ سیلاب 10 فٹ تک آیا تھا گھروں کو مزید مضبوط بنانے کیلئے بیرونی دیواروں کو 15 فٹ اونچا رکھا جائیگا تاکہ پانی داخل نہ ہو سکے۔

عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756
آیان
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں، دروازے، اٹالین کچن
الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا
ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

اسلام آباد 27 کلومیٹر کی بڑی جیل بن گیا ہے، شیخ رشید

72 میں سے 22 وزرا بے محکمہ ہیں۔ اس پر ہائیکورٹ میں رِٹ دائر کردی ہے۔ غریب کو آٹا نہیں مل رہا

یہ مصنوعی اقتدار کو بچانے کے لیے اپنے عوام پر ڈرون سے آنسو گیس کے گولے ماریں گے، سابق وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (حمزہ لطیف) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ اسلام آباد 27 کلومیٹر کی بڑی جیل بن گیا ہے۔ یہ مصنوعی اقتدار کو بچانے کے لیے اپنے عوام پر ڈرون سے آنسو گیس کے گولے ماریں گے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری بیان میں شیخ رشید احمد نے کہا کہ 72 میں سے 22 وزرا بے محکمہ ہیں۔ اس پر ہائیکورٹ میں رِٹ دائر کردی ہے۔ غریب کو آٹا نہیں مل رہا یہ امریکا کے 7 اسٹار ہوٹلوں میں سیر سپاٹے کر رہے ہیں۔ تحریک انصاف کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد میں سکیورٹی سخت کیے جانے پر تنقید کرتے ہوئے سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت 27 کلومیٹر کی بڑی جیل بن گیا ہے۔ مصنوعی اقتدار کو بچانے (بقیہ نمبر 24)

آج میری بھی انگریزی کمزور ہے، عمران خان

عدالتوں سے آپ کی جان کب چھوٹے گی؟، صحافی .... ابھی نہیں چھوٹے گی، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی، سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ آج میری بھی انگریزی کمزور ہے۔ یہ بات انہوں نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں خاتون جج کو دھمکی دینے پر توہینِ عدالت کیس میں معافی مانگنے کے موقع پر کمرہ عدالت میں صحافی کے سوال کہ ڈیپ ریگریٹ اور ان کنڈیشنل اپولوجی میں سے ہم کس کا ترجمہ (بقیہ نمبر 25)

پاک فوج کے خلاف بیان دینے والا عمران خان غیر ملکی ایجنٹ ہے، جمیل ضیا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، این اے 251 کے ٹکٹ ہولڈر و امیدوار برائے وائس چیئرمین یوسی 3 اورنگی ٹاؤن حاجی جمیل ضیا ڈاہری نے کہا ہے کہ قوم کو عمران خان کی نہیں پاک فوج کی ضرورت ہے فوج کے خلاف بیان دینے والا عمران خان غیر ملکی ایجنٹ ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ پی ٹی آئی کے لوگ پاک فوج کی اعلیٰ عسکری قیادت کے خلاف سوشل میڈیا پر توہین آمیز (بقیہ نمبر 26)

گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن سے صوبائی محتسب پنجاب میجر (ر) اعظم سلیمان ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، بجلی بند رہے گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ (بقیہ نمبر 27)

ہر مشکل اور کٹھن مرحلے کا سامنا کرنے کیلئے قائد نواز شریف کیساتھ ہیں

عمران نیازی نے کرسی کی ہوس میں خود کو پاکستان کے دشمنوں کے طور پر منوایا، بیگم شاہدہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کی سینئر رہنما بیگم شاہدہ قدیر نے کہا ہے کہ عمران نیازی اداروں کو بدنام کرنے کی خاطر ہر روز نت نئے الزام تراشی کر رہا ہے، ان کا ایجنڈا پاکستان میں انتشار پھیلانا اور ملک کو کمزور کرنا ہے، قوم نے اس کا اصل چہرہ دیکھ لیا ہے، پی ٹی آئی کو ملکی ترقی کا راستہ نہیں روکنے دیں گے۔

چیف کمشنر اسلام آباد نے شہر میں سیف سٹی کیمرہ نظام کو مزید فعال کرنیکا حل نکال لیا

اسلام آباد (این این آئی) چیف کمشنر اسلام آباد نے شہر میں سیف سٹی کیمرہ نظام کو مزید فعال کرنے کا حل نکال لیا، تمام اہم تجارتی مقامات و مراکز کے پرائیویٹ کیمروں کو سیف سٹی اسلام آباد کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق چیف کمشنر اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد عثمان نے کہا کہ کمرشل ایریا کیمروں کو سیف سٹی نظام کے ساتھ جوڑنے سے کاروباری مراکز کی بہتر مانیٹرنگ ہو سکے گی۔ کیپٹن (ر) محمد عثمان نے بتایا کہ بلیو، اورنج اور گرین لائنز کے کیمروں کو بھی جلد از جلد نصب اور فعال کیا جائے گا۔

ہماری اسمبلی میں بہت باریک اکثریت تھی

ہمارا جبری گمشدگی کا بل اسمبلی سے منظور ہوا، سینیٹ میں پھنس گیا، شیریں مزاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما شیریں مزاری نے کہا ہے کہ ہماری اسمبلی میں بہت باریک اکثریت تھی، ہمارا جبری گمشدگی کا بل اسمبلی سے منظور ہوا لیکن سینیٹ میں پھنس گیا۔ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیریں مزاری نے کہا کہ پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان صاحب قوم کے لاڈلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کسی پر غداری کا مقدمہ نہیں کیا، جو صحافی گرفتار ہوئے خان صاحب نے ان کو فوری طور پر رہا کروایا۔ شیریں مزاری نے کہا کہ تبدیلیاں کرنے کی ہماری اکثریت نہیں تھی، لوگ جس طرح خان صاحب کے ساتھ کھڑے ہیں دو تہائی تو کیا الیکشن میں سویپ کریں گے۔

لاہور، سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال جناح سکندر کالونیوں کے کچی آبادیوں کے مسائل کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان کا ایجنڈا ملک کی بہتری کیلئے نہیں ہے، امیر مقام

وزیراعظم میاں شہباز شریف ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے دن رات محنت کر رہے ہیں،

علامہ اقبال دنیا میں پاکستان کی پہچان ہیں، ہمیں اپنے ہیروز کو زندہ رکھنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے،

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی و عوامی امور، قومی ورثہ و ثقافت انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے دن رات محنت کر رہے ہیں جبکہ عمران خان کا ایجنڈا ملک کی بہتری کے لیے نہیں ہے، عمران خان جہاں بھی جاتے ہیں پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کرتے ہیں، علامہ اقبال دنیا میں پاکستان کی پہچان ہیں، ہمیں (بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی، کرکٹ میچوں پر جواء کروانے والے 2 بکیے گرفتار

کھیلوں پر آن لائن جوئے جیسی منفی سرگرمیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا، ایس پی راول

راولپنڈی (این این آئی) بنی پولیس نے ٹی 20 کرکٹ میچوں پر آن لائن جواء کروانے والے 2 بکیے گرفتار کر کے آن لائن جواء میں استعمال ہونے والے 2 موبائل فون اور رقم 12 ہزار روپے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ٹی 20 کرکٹ میچوں پر آن لائن جواء کروانے والے 2 بکیوں کو گرفتار کر لیا۔

عمران نیازی قوم کو خونی انقلاب کی طرف دھکیلنے کی سازش میں لگا ہوا ہے، زیشان نقوی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد کے سینئر رہنما سابق ڈپٹی میئر اسلام آباد سید زیشان علی نقوی نے کہا ہے کہ عمران نیازی قوم کو خونی انقلاب کی طرف دھکیلنے کی سازش میں لگا ہوا ہے جبکہ وزیراعظم میاں شہباز شریف نے اقوام متحدہ اور دیگر بیرونی دنیا پر پاکستان کو درپیش مسائل اجاگر کیے ہیں

راولپنڈی، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے، ایس پی کوہسار

راولپنڈی (این این آئی) پتریاٹہ پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پتریاٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم عامر سراج کو گرفتار کر لیا، ملزم نے فائرنگ کر کے محمد رحیم کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ متاثرہ شہری کی مدعیت میں 2 ہفتے قبل درج کیا گیا تھا۔ ایس پی کوہسار نے کہا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے، جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

لاہور میں جرائم کی بڑھتی شرح کیخلاف پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع

لاہور (این این آئی) لاہور میں جرائم کی بڑھتی شرح کیخلاف پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کروا دی گئی۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن سعدیہ تیمور کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ۔ پنجاب کا یہ ایوان لاہور میں جرائم کی شرح میں اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتا ہے۔

میاں اسلم اقبال سے سردار عثمان بزدار کی ملاقات

جنوبی پنجاب کے سیلاب متاثرہ اضلاع میں بحالی کے کاموں پر بات چیت

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال سے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی 90 شاہراہ قائد اعظم پر ملاقات ہوئی جس میں سیاسی صورتحال، جنوبی پنجاب کی ترقیاتی سکیموں اور سیلاب متاثرہ علاقوں میں جاری امدادی و بحالی سرگرمیوں پر بات چیت ہوئی۔ سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب نے ملک کے طول و عرض میں بے پناہ تباہی مچائی ہے۔ جنوبی پنجاب کے اضلاع راجن پور اور ڈیرہ غازی خان بھی سیلاب سے شدید متاثر ہوئے ہیں۔ لاکھوں لوگ بے گھر اور ہزاروں ایکڑ رقبے پر کھڑی فصل تباہ ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب (بقیہ نمبر 31)

سوات، عسکریت پسندوں نے نجی موبائل فون کمپنی کے مزید 2 مغوی ملازمین کو رہا کر دیا

سوات (این این آئی) سوات میں عسکریت پسندوں نے نجی موبائل فون کمپنی کے مزید 2 مغوی ملازمین کو رہا کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ایک مغوی شخص نے بتایا کہ وہ اور دیگر 6 ملازمین برتھانہ پہاڑی کے قریب موبائل فون ٹاور میں کام کر رہے تھے، اسی دوران 10 نقاب پوش اسلحہ بردار افراد نے ہمارے آنکھوں پر پٹی باندھی اور ہمیں اغوا کر کے کسی نامعلوم جگہ پر لے گئے۔ اغوا کیے گئے 7 افراد میں یوسف شاہ، محمد خالق، ارسلان، محمد اصبر (بقیہ نمبر 29)

لاہور، کسان بجلی کی قیمتوں میں بے جا ٹیکسوں کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے تعزیرات پاکستان میں بغاوت کی دفعہ 124 اے چیلنج کر دی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے تعزیرات پاکستان میں بغاوت کی دفعہ 124A اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دی۔ پی ٹی آئی رہنما شیریں مزاری نے بیرسٹر ابوذر سلمان خان نیازی کے ذریعے دائر کی گئی درخواست میں بغاوت کی دفعہ 124A غیر قانونی قرار دینے کی استدعا کی ہے۔ شیریں مزاری کی جانب سے درخواست میں مقف اختیار کیا گیا کہ بغاوت کی دفعہ 124A اظہار رائےکی آزادی سلب کرنے کیلئے استعمال کی جا رہی ہے، یہ دفعہ آئین (بقیہ نمبر 30)

پاکستان کی چین کو برآمدات 4 بلین ڈالر تک پہنچ سکتی ہیں، ماہرین

چین کی مارکیٹ میں زیادہ سے زیادہ جگہ بنانے کیلئے پاکستانی برآمد کنندگان کو درآمدی اصولوں پر عمل کرنا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی 2021 میں چین کو برآمدات 3.589 بلین ڈالر رہیں اور 2022 میں برآمدات کا غذائی مصنوعات میں اضافے کے ساتھ حجم 4 بلین ڈالر تک پہنچ سکتا ہے، تاہم، پاکستانی برآمد کنندگان کو چینی حکام کی طرف سے درآمدات کیلئے مقرر کردہ قواعد و ضوابط پر عمل کرنا چاہیے۔ گوادر پرو کے مطابق ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) نے چائنہ سرٹیفیکیشن اینڈ انسپیکشن گروپ (CCIG) شنگھائی اور ٹوفلون گروپ شنگھائی کے اشتراک سے ایک ویبینار کا انعقاد کیا۔ ٹی ڈی اے پی اور سی سی آئی جی کے حکام کے علاوہ، پاکستانی برآمد کنندگان اور ماہرین کی (بقیہ نمبر 32)

لاہور وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی شاہجمال میں انسداد ڈینگی کا جائزہ لیتے ہوئے

سیلاب سے پاکستان کو تاریخ کی بدترین تباہی کا سامنا ہے، احمد ندیم

ملک و قوم کی بقا کیلئے تمام سیاسی جماعتیں اختلافات بھلا کر متحد ہو جائیں، صدر اللہ اکبر تحریک

کراچی (این این آئی) اللہ اکبر تحریک کراچی کے صدر احمد ندیم اعوان نے کہا ہے کہ سیلاب سے پاکستان کو تاریخ کی بدترین تباہی کا سامنا ہے، ملک مزید سیاسی افراتفری کا متحمل نہیں ہو سکتا، سیاسی جماعتیں اسکورنگ کے بجائے یکجہتی کا مظاہرہ کریں، اس نازک وقت پر بھی ملک کی خاطر نہ سوچا گیا تو کب سوچیں گے؟، ملک ہو گا تو سیاست ہو گی،

گوگل کیجانب سے پاکستانیوں کیلئے 15,000 اسکالرشپس کا اعلان

اسکالرشپس گوگل سرٹیفکیٹس کے تحت ڈیجیٹل ٹریننگ کے مواقع بھی فراہم کیے جائیں گے

کراچی (این این آئی) گوگل نے کیریئر سرٹیفکیٹس متعارف کرائے ہیں جن کا مقصد پاکستانیوں کو سیکھنے کے لچکدار راستے فراہم کرنا ہے تاکہ وہ روزگار کے لیے درکار انتہائی مطلوب ڈیجیٹل مہارتیں حاصل کر سکیں۔ اپنے مشن 'ان لاک پاکستانز ڈیجیٹل پوٹینشل' میں گوگل نے اپنے اس عزم کو تقویت بخشی ہے۔ جس کے تحت وہ، اس سال، اپنے (بقیہ نمبر 33)

منہاج القرآن وومن لیگ کی جانب سے خشک راشن تقسیم

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام مختلف فیز میں راشن تقسیم کیا جاتا رہے گا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) منہاج القرآن وومن لیگ کی جانب سے مستحق خواتین میں خشک راشن تقسیم کیا گیا تفصیلات کے مطابق منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے تعاون سے منہاج القرآن وومن لیگ کی جانب سے مستحق خواتین میں خشک راشن تقسیم کیا گیا اس موقع پر منہاج القرآن وومن لیگ کی مرکزی ناظمہ عائشہ مدثر نے بتایا کہ یہ منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے تعاون سے مستحق خواتین میں خشک راشن تقسیم کیا گیا ہے سندھ میں ڈگری اور جھڈو بارش سے بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں حالیہ سیلاب نے جہاں چھت چھینی ہے وہاں روزگار کے وسیلے بھی ختم ہو گئے ہیں جس کی وجہ سے خاندانوں کی زندگی مشکل ہو گئی ہے منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام مختلف فیز میں راشن تقسیم کیا جاتا رہے گا ان شاء اللہ جلد (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز 8 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز 8 ملزمان کو گرفتار کر کے 1 کلو 530 گرام چرس اور 26 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم البرٹ سے 160 گرام چرس، ملزمہ مہوش سے 550 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم دانش سے 220 (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی، ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے 5 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم عادل کو جبکہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزم آصر رزاق کو گرفتار کر کے ملزمان سے 2 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کیے، ریس کورس پولیس نے (بقیہ نمبر 36)

احسن اقبال کی باعزت بریت حق اور سچ کی فتح ہے، جمشید اختر شیخ

مخالفین نے من گھڑت اور بے بنیاد مقدمات بنا کر انہیں مہینوں جیل میں رکھا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن و مسلم لیگ (ن) ٹریڈرز ونگ کے صدر جمشید اختر شیخ نے سیکرٹری جنرل مسلم لیگ (ن) و وفاقی وزیر احسن اقبال کی نارووال اسپورٹس اسٹیڈیم کیس سے باعزت بریت کو حق اور سچ کی فتح قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے سے یہ باتیں عیاں ہو گئی کہ سابق حکومت نے نیب کو اپنے سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا اور مخالفین پر من گھڑت اور بے بنیاد مقدمات بنا کر انہیں مہینوں جیلوں میں رکھا، سابق چیئرمین نیب جاوید اقبال (بقیہ نمبر 37)

سرکل گوجرخان چوروں ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر

چوری کی وارداتیں تسلسل سے جاری، پولیس قابو کرنے میں ناکام

گوجرخان (قمر شہزاد) سرکل گوجرخان چوری ڈکیتی کی وارداتیں تسلسل سے جاری شہری شدید عدم تحفظ کا شکار پولیس چوروں ڈکیتوں کو لگام ڈالنے میں بری طرح ناکام بڑھتی ہوئی وارداتوں کی وجہ سے شہریوں میں شدید خوف ہراس پایا جا رہا ہے تھانہ گوجرخان کی حدود میں ہونے والی ایک واردات میں چورنے انڈسٹریل ایریا میں ماربل کٹائی والی مشینیں لے اڑے 3 لاکھ مالیت کی مشین کی چوری کا تھانہ گوجرخان میں مقدمہ درج پولیس مصروف تفتیش جبکہ سرکل گوجرخان کے تھانہ جاتلی جو کہ اس وقت چوروں ڈاکوؤں کی مکمل گرفت ہے آئے روز وہاں چوری ڈکیتی کی وارداتیں ہو رہی چوری کی وارداتیں پولیس تھانہ جاتلی کے لیے معمہ بنی ہوئی ہیں پولیس چوکی کے نواحی علاقے اہدی میں چوری واردات نامعلوم چور دن دیہاڑے محمد زبیر ساکن آہدی موڑ کے گھر سے طلائی زیورات نقدی اور قیمتی سامان لے اڑے پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا سرکل گوجرخان میں جاری (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی، انسداد ڈینگی ٹیم کو دھمکیاں دینے والے ملزم گرفتار

کار سرکار میں مصروف افسران و اہلکاروں سے مزاحمت ناقابل برداشت ہے، ایس پی پوٹھوہار

راولپنڈی (این این آئی) آراے بازار پولیس نے انسداد ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کرنے اور دھمکیاں دینے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق آراے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے انسداد ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کرنے اور دھمکیاں دینے والے ملزم شہزاد کو گرفتار کر لیا، ملزم شہزاد نے ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کی اور دھمکیاں دیں۔ ایس پی پوٹھوہار نے کہا کہ کار سرکار میں مصروف افسران و اہلکاروں سے مزاحمت ناقابل برداشت ہے، ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

لاہور، صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی اور معاون خصوصی برائے پاپولیشن پنجاب تیمور علی لالی نارووال میں خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، فوڈ سیفٹی ٹیموں نے 8000 لیٹر مضر صحت دودھ تلف کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے 8000 لیٹر مضر صحت دودھ تلف کر دیا۔ فوڈ اتھارٹی کے مطابق موٹر وے ٹال پلازہ پر ناکہ لگا کر دودھ سپلائی کرنے والی 15 گاڑیوں کا معائنہ کیا گیا، دودھ کے نمونوں کا جدید ترین (بقیہ نمبر 40)

سرگودھا، میونسپل کارپوریشن بھکر کے نادہندگان سے 37 لاکھ سے ریکور

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ڈویژن میں میونسپل کارپوریشن بھکر کے نادہندگان سے 37 لاکھ سے زائد ریکور کر کے رقم خزانہ سرکار میں جمع کروا دی گئی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ڈویژن کے ضلع بھکر میں میونسپل کمیٹی کی ملکیتی دوکانات مختلف (بقیہ نمبر 39)

راولپنڈی کی مختلف شاہراہوں سے 48 بھکاری تھانے منتقل

بھکاری چوک چوراہوں کھڑے ہو کر ٹریفک روانی کو متاثر کرتے ہیں، سی پی او

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 48 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروا دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کے احکامات پر انچارج انسداد بیگر اسکواڈز نے اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے، 48 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروا دیا۔

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

یورپی یونین کمیشن کا سیلاب متاثرین کیلئے مزید امداد کا وعدہ

وزیراعظم نے سیلاب سے بڑے پیمانے پر ہونے والے نقصانات پر روشنی ڈالی

پاکستان کے عوام کی مدد کے لیے آئندہ ہفتوں میں مزید انسانی امداد کے ساتھ تعاون کو آگے بڑھائیں گے، ارسلا وان ڈیرلیین کی گفتگو

نیویارک (این این آئی) صدر یورپی یونین کمیشن ارسلا وان ڈیرلیین نے پاکستان میں سیلاب متاثرین کیلئے آئندہ ہفتوں میں مزید انسانی امداد کا وعدہ کیا ہے۔ ارسلا وان ڈیرلیین نے نیویارک میں یونائیٹڈ نیشنل جنرل اسمبلی (یو این جی اے) کے 77 ویں اجلاس کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی اور ملک میں تباہ کن سیلاب سے ہونے والے جانی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار کیا۔

پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں تفتیشی افسران کیلئے تربیتی ورکشاپ

تربیتی ورکشاپس کا مقصد تفتیشی کی استعداد کار میں اضافہ کرنا ہے، عامر خان نیازی

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں تفتیشی افسران کے لیے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، ورکشاپ میں سیشن ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال راولپنڈی کے تعاون سے کیا گیا، ورکشاپ میں (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی، چوری کی وارداتوں میں ملوث شادہ گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس نے کار و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث شادہ گینگ کا سرغنہ 3 ساتھیوں سمیت گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کے 19 مسروقہ موٹر سائیکل اور کیری ڈبہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کار و موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث شادہ گینگ کے سرغنہ کو 3 ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا

راولپنڈی سے 11 قمار باز گرفتار

داؤ پر لگی رقم، 10 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے تاش پر جواء کھیلنے والے 11 قمار باز گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 17 ہزار 900 روپے، 10 موبائل فونز اور تاش کے پتے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی (بقیہ نمبر 42)

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سیلاب متاثرین سے ملاقات کر رہے ہیں

ٹرانس جینڈر بل مقاصد پاکستان کیخلاف نئی سازش ہے، اسلم فاروقی

کراچی (این این آئی) بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محب قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان کے چیئرمین محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ ٹرانس جینڈر بل قیام پاکستان کے وقت سے مقاصد پاکستان کے خلاف ہونے والی سازشوں میں سے ایک نئی سازش ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کیماڑی کے مقامی ہوٹل میں سیاسی و سماجی رہنما نوشاد عمرانی اور ڈاکٹر اسلم پرویز خان سے ملاقات کے دوران کیا۔

وزیر خارجہ سے ہنگری کے وزیر خارجہ کی ملاقات، دو طرفہ تعلقات پر گفتگو

ہنگری پاکستان میں سرمایہ کار دوست ماحول سے فائدہ اٹھا کر مشترکہ منصوبے شروع کر سکتا ہے، وزیر خارجہ

لاہور، صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر اختر ملک گلاب دیوی ہسپتال کے او پی ڈی بلاک کی تزئین و آرائش کا افتتاح کر رہے ہیں

نیویارک (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے ہنگری کے وزیر خارجہ اور تجارت پیٹرز زیجارتو سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 77 ویں اجلاس کے موقع پر ملاقات کی جس میں دو طرفہ تعلقات پر گفتگو کی گئی۔ دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان یہ ملاقات نیویارک میں ہوئی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان ہنگری کے ساتھ دو طرفہ اور یورپی یونین کے تناظر میں اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے، ملاقات میں (بقیہ نمبر 46)

بینکوں کی ایل سیز کھولنے میں تاخیر، آٹو مینوفیکچررز نے پیداوار معطل کر دی

کراچی (این این آئی) ایمپلائرز فیڈریشن آف پاکستان (ای ایف پی) کے صدر اسماعیل ستار نے صنعتوں کے لیے مشینری اور صنعتی خام مال درآمد کرنے کے لیے بینکوں کی جانب سے ایل سی لیز نہ کھولنے اور تاخیر کے باعث تاجر برادری کو درپیش مشکلات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیٹ (بقیہ نمبر 47)

تھانہ جاتلی پولیس چوکی، میانہ موہڑہ ایک ہی گھر کی 2 لڑکیاں غائب

مدعی مقدمہ کی درخواست پر مقدمہ درج نجی کالج کا پرنسپل گرفتار

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ جاتلی پولیس چوکی دولتالہ کے نواحی علاقے سے میانہ موہڑہ سے ایک ہی گھر کی دو لڑکیاں کپڑے سلائی کرنے کا کہہ کر گھر سے گئی مگر گھر واپس نہ آئی پولیس چوکی دولتالہ کی حدود میانہ موہڑہ سے مبینہ طور پر دو بچیوں کے غائب (بقیہ نمبر 43)

فیصل آباد، لڑکی کو ہراساں کرنے میں ملوث ملزم گرفتار

فیصل آباد (این این آئی) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل فیصل آباد نے کارروائی کرتے ہوئے 17 سالہ لڑکی کو ہراساں کرنے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ سائبر کرائم سرکل فیصل آباد نے کامیاب ریڈ کرتے ہوئے ملزم علی حسن کو گرفتار کر لیا۔

فواد چوہدری عمران خان کے وکیل حامد خان پر برس پڑے

عدالت اور عمران خان کے درمیان کا معاملہ ہے، وکیل ایسے ہی منہ اٹھا کر کھڑا ہو جاتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری اپنے پارٹی چیئرمین عمران خان کے وکیل حامد خان پر برس پڑے۔ ایک ویڈیو بیان میں فواد چوہدری نے حامد خان کو ڈمی قرار دیدیا۔ فواد چوہدری نے حامد خان پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عدالت اور عمران خان کے درمیان کا معاملہ ہے، وکیل ایسے ہی منہ اٹھا کر کھڑا ہو جاتا ہے۔

لاہور، مزدور کام کے باعث پریشان بیٹھے ہیں

سپریم کورٹ میں نویں دو روزہ انٹرنیشنل جوڈیشل کانفرنس کا آغاز (آج) سے ہو گا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں نویں دو روزہ انٹرنیشنل جوڈیشل کانفرنس کا آغاز (آج) جمعہ سے ہو گا، چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کانفرنس کا افتتاح کریں گے، کانفرنس میں اسلام آباد، چاروں صوبائی ہائیکورٹس کے چیف جسٹسز شریک ہوں گے،

فوری طور پر کسانوں کے جائز مطالبات مانے جائیں

امپورٹڈ حکومت نے پاکستان کے کسانوں کے ساتھ جس طرح سلوک کیا وہ انتہائی قابل مذمت ہے

جنہوں نے کسانوں کے ساتھ قابل مذمت سلوک کیا، ان کے خلاف کارروائی کی جائے، سابق وفاقی وزیر خزانہ اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر خزانہ اور پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری اسد عمر نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت نے پاکستان کے کسانوں کے ساتھ جس طرح سلوک کیا وہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنے پیغام میں رہنما تحریک انصاف اسد عمر نے کہا کہ فوری طور پر کسانوں کے جائز مطالبات مانے جائیں اور جنہوں نے ان کے ساتھ قابل مذمت سلوک کیا ان کے خلاف کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز اس امپورٹڈ حکومت نے پاکستان کے کسانوں کے ساتھ جس طرح سلوک کیا وہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوری طور پر کسانوں کے جائز مطالبات مانے جائیں اور جنہوں نے نے ان کے (بقیہ نمبر 44)

کراچی، اے این ایف نے شاہراہ فیصل پر واقع نجی کوریئر آفس میں آسٹریلیا کیلئے بک پارسل سے آئس برآمد کر لی

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے کراچی میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے شاہراہ فیصل پر واقع نجی کوریئر آفس میں آسٹریلیا کیلئے بک پارسل سے آئس برآمد کر لی۔ حکام کے مطابق آسٹریلیا بھیجے جانے والے پارسل کا مجموعی وزن 49 کلو گرام ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ برآمد شدہ آئس خواتین اور بچوں کے کپڑوں میں جذب کی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ برآمد شدہ آئس کے وزن کا تعین کیا جا رہا ہے، پارسل چمن کے رہائشی کی جانب سے بک کروایا گیا تھا۔

صوبائی وزیر حسنین بہادر دریشک کی کریانہ ریٹیلرز سے ملاقات

سیلاب زدگان کی مدد میں تاجر برادری کا کردار قابلِ تحسین ہے، صوبائی وزیر خوراک و توانائی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک و توانائی سردار حسنین بہادر دریشک نے کہا کہ تاجر برادری کے مسائل کا حل حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر نے گزشتہ روز صدر لاہور کریانہ مرچنٹ ایسوسی ایشن عارف گجر کی سربراہی میں تاجروں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔

پنجاب حکومت کا گندم پالیسی کا از سر نو جائزہ لینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے گندم پالیسی کا از سر نو جائزہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، گندم بحران کے حوالے سے وفاق کو خط بھی لکھا جائے گا۔ بتایا گیا ہے کہ گندم کا بحران شدید ہونے کے بعد فیصلہ کیا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی سربراہی میں اسٹینڈنگ کمیٹی کی جائے گی جس میں وزراء اور متعلقہ سیکرٹریز شامل ہوں گے۔ کمیٹی پنجاب میں گندم کی دستیابی اور طلب کے حوالے سے معاملات کا جائزہ لے گی اور ساری صورتحال کے حوالے سے وفاق کو خط لکھا جائے گا۔ بتایا گیا ہے کہ باقی تین صوبوں سے گندم کے لئے پنجاب پر دباؤ بڑھ رہا ہے

جامعہ کراچی کے طلبہ نے سیلاب سے محفوظ رہنے والے مکانات کا ماڈل پیش کر دیا

کراچی (این این آئی) کراچی یونیورسٹی کے شعبہ ویژول اسٹڈیز کے طلبہ نے مستقبل میں سیلاب کی تباہ کاریوں سے بچنے والے مکانات کا ماڈل پیش کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جامعہ کراچی کے طالب علموں نے مستقبل میں سیلاب سے ہونے والے نقصانات پر قابو پانے کے لیے گھروں کی تعمیر کا کم خرچ، پائیدار اور قابلِ حرکت گھروں کا نمونہ پیش کر دیا۔ گھروں میں تعمیر کے لئے بانس، چٹائی، کیچڑ، دوبارہ قابلِ استعمال پلاسٹک کی بوتلوں اور ٹائرز وغیرہ کا استعمال کیا جائے گا، جس میں ایک گھر (بقیہ نمبر 48)

گورنمنٹ ہائی سکول ترکنڈی کا رزلٹ دیکھ کر مایوسی ہوئی۔۔ ارشد اکاش

جب اساتذہ سیاست کریں گے تو رزلٹ ایسے ہی آئیں گے، ساجد صادق

اساتذہ نے سیاست ہی کرنی ہے تو گھر بیٹھ کر کریں۔۔ امجد اقبال

نکیال (خصوصی رپورٹ) آزاد کشمیر میرپور بورڈ کے زیر اہتمام جماعت نہم کے سالانہ نتائج میں سرکاری سکولوں کی نااہلی کھل کر سامنے آ گئی .. ضلع کوٹلی تحصیل نکیال گورنمنٹ ہائی سکول ترکنڈی کا نتیجہ انتہائی مایوس کن رہا لاکھوں روپے تنخواہیں لینے والے اساتذہ نے بچوں کے مستقبل پر کوئی توجہ نہ دی۔ گورنمنٹ ہائی سکول ترکنڈی کے صرف 3 بچے ہی پاس ہو سکے ہیں .. اگر سرکاری اداروں کا یہی حال ہے تو پھر سرکاری اداروں کو مکمل بند کر دیا جائے تاکہ جو تنخواہ اساتذہ کو دی جا رہی ہے وہ قومی خزانے پر بوجھ نہ بنے .. ان خیالات کا اظہار PYO دوبئی کے نائب صدر ساجد صادق، امجد اقبال چوہدری اور ارشد اکاش نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا .. ان کا کہنا تھا کہ جب اساتذہ سکول نہیں جائیں گے اور سیاست کریں گے اپنے لیڈروں کی الیکشن کمپین چلائیں گے تو رزلٹ ایسے ہی آئیں گے تب (بقیہ نمبر 45)